لڑنے کو ہے تیار پسر عبدود عمرو   سنو اور دیکھ لو کہ کون ہے شکست پر

آیا نہ عمرو صلح پہ کلمہ بھی نہ پڑھا   لڑنے لگے دو مرد بہ ضربت تمامتر

واپس ہوا میں اس کو گرا کر زمین پر   ٹیلہ پہ پڑا تھا مثل کھجور کے شجر

کپڑے نہ چھینے اسکے میں اگرچہ میں گرتا   کپڑے میرے اتار کے لے جاتا یہ عمرو

بتوں کا پجاری تھا عمرو ناقص العقل   علیؑ یقین رکھتا ہے احمدؐ کے خدا پر

دیوان علیؑ

تلوار کے شرار کو دیکھا تھا جب عمرو ... اج روز نہیں کھیل ہوا اسکے دل اثر
مارا عمرو کو جب کہ کیا صلح سے انکار ... بہ تیغ آبدار غضب ہوا تیز تر
یہ مت گماں کرو کہ خدا دین سے غافل ... اور اپنے پاک نبیؐ سے لے محشر کفر

ہدایت
خیبر میں پہنچ کر کیا علیؑ نے یہ بیان
غالب تمام دنیا پہ اسلام کا برہان

تلوار و نیزہ کا ہنر میرا گواہ عَلَم ... ہیں وارث عَلَم یہ مصطفیٰؐ کا ہے کرم
دیکھیں تو جب طوفان کا ہو جنگ شرر بار ... ہیں شیر ہوں دلیر سدا ثابت القدم
جنگ و جدل عظیم میں میرا نہ کوئی زعیم ... جو فوج رکن تیغ میرے سامنے عدم
واقف ہے کل قبیلہ میں ہوں جابر الجلیل ... گر جنگ ہو طویل میں ہوں مستقل عزم

رجز مرحب
مرحب میداں میں کہا ایسا میں ہوں جوان
شیروں کو میں بھگاتا ہوں ایسا میرا میلان

خیبر میں ہے مشہور کہ مرحب ہے میرا نام ... حاذق سامان جنگ ہوں ماہر تمام
جب شیروں کی یلغار اور جنگ شرر بار ... کرتا ہوں میں تلوار سے تمام کو ناکام
کرتا ہوں مدد یار جہاں جا سکے نہ کوئی ... جاتا ہوں مگر میں کبھی ناکام کبھی کام
عاجز جہاں زبان و بیاں میں ہوا غالب ... آئے جو میرے سامنے کروں بہ خون خام

ہدایت
فرمان ید اللہ کہ میں ضیغم قدیر ہوں
بیت الحرم جنم میرا ایسا امیر ہوں

ہوں عبدالمطلب کا پسر نام علیؑ ہے ... قاہر غضب سے حرب پہ یہ کام علیؑ ہے
طفلی میں سکھایا مجھے رحمت کا سر باب ... کعبہ جو ہے یہ پرورش مقام علیؑ ہے
علیؑ کے دائیں ہاتھ تیغ حل مشکلات ... علیؑ کے مقابل پہ قہر تام علیؑ ہے
کرتا سروں کو پنجہ سے ادغام علیؑ ہے

ہدایت — مرحب کو قتل کرکے پھر یاسر کو ہے خطاب

میں وہ ضراب ہوں کہ جسکی ضرب ہے عتاب

کرنا ہے تم پہ وار نوجوان گامگار — ہے ضرب مرتضیٰ کی بے خطا قضا کا وار

دشمن کے سر و شانہ کو قاطع ہے ذوالفقار — اور لشکر اسلام کا بہتر ہے آلہ کارزار

تلوار تمپہ چلتی اے لشکر کفار — سر ہائے اور گردنوں کا کریگی شکار

آلات کارزار سے گرم کرو بازار — تمہیں کروں سپرد موت سو ہے تیار

تلوار میری لے چلی تم کو بہ دار نار — الواحد الوہاب میرا خیر مدد گار

ہدایت — ابوالبلیت سے کہا یاسر کو مار کر

یاسر کا ساتھ کرنا ہے تجھے تو وار کر

میں عبد مطلب کا پسر علیؑ نامدار — عزت کا نگہدار اور ذلالت سے ہوں بیزار

مرنا جواں کو بہتر مگر نہ ہو فرار

ہدایت — ربیع سے ہے خطاب جب مارا گیا بلیت

عدو سے دشمنی مجھے یاروں سے ہے پریت

علیؑ ہے میرا نام پسر عبد مطلب — حملہ میرا غضب میرے صفات مہذب

ہر جنگ میں قرین سے ہوا نہ میں حزین — مجھ سے جو مقابل وہ ہے مردار و مخرب

رجز مرہ — آیا مرہ میدان میں خیبر کا مجادل

ہمت ہنر دکھانے کو حیدر کے مقابل

میں جنگ نسل اور میں فرزند عرب ہوں — دشمن سے پر غضب ہوں میں یاروں سے ادب ہوں

ہم سر کو قتل کرتا ہوں میں غیظ و غضب سے — دیکھا تو فن جنگ میں بھی ماہر کسب ہوں

تو کون علیؑ تجھ سے پوچھتا میں نسب ہوں

ہدایت — خیبر کے کل حکام کو امام کا پیغام

فوجوں پہ چھوڑ دیتا ہوں میں موتکی لگام

میں عبد مطلب کا ہوں فرزند ارجمند — نبیؐ کا میں اخی جو ہے حبیب خداوند
تمام کائنات پہ غالب ہوا احمدؐ — خالق سما نے لکھدیا نبیؐ کا سر بلند
ہر ایک جانتا ہے یہ سخن ہے بے دروغ — نسب نبیؐ کل نسب سے افضل خدا پسند
احمد حسین اور مثل شمس ہے جبین — خیبر فتح آج کر کے کروں اس کو شادمند
عرب کا نوجوان ہوں ضربت مری غالب — حالت نہ میری جنگوں میں ذلیل و حقیر مند

ہدایت
خطاب ہے جناب کا جامع بلاغ سے
نبیؐ کا میں اخی نسب قدس کے باغ سے

اللہ نصیر میرا میری تیغ جلد کار — چلتی میدان جنگ میں شہاب کی رفتار
نیزے میرے فولاد کے خطوط نیلگون — ہو جلد تر نفوذ کیئے ہیں تیز دھار
ہر روز اسکے ساتھ بچاتا ہوں اپنی فوج — جسدم طوفان جنگ ہو رہا ہو شرربار
لشکر جو میرے ساتھ پاکباز و مخلصان — چاہتے ہیں غنیمت کو کر کفار پر شکار
ہرگز نہ خوف کرتے ہیں کبھی وہ موت سے — کرتے نہ مال طلب ہیں نہ جنگ سے فرار
میدان میں تو آ نہ معاویہ ہو پریشان — مرنے کے بعد بنیگا تیرا مقام نار

ہدایت
خطاب ہے امیر کا ابنِ سفیان کو
جب چلنے لگیں فوجیں صفین کے میدان کو

اعلیٰ نسب علی کا ہے تمام نسب پر — بعد از نبیؐ سردار ہوں کل عجم و عرب پر
جسکو حسد ہے مجھ سے اس سے یہ تو کر سوال — کہتا ہے کون سکہ گوا افضل ہے سونے پر
آتا ہے تجھ پہ جلد اب طوفان موت کا — افسوس تو سدا رہا ابغاض کسب پر

ہدایت
فرمان معاویہ کو دین کے سلطان کا
ہرگز نہ کر ارادہ تو جنگ و عصیان کا

خیر النسب بلند ہیں جوان عرب ہوں　　عبدالمطلب شیر کا بہترین نسب ہوں
اے مرد تو خبیث رذالت تیری آواز　　مرنے کی تمنا تو آ ہیں تجھ پہ غضب ہوں
سگ دیوانہ ذرا تو آ میدان میں　　تو سوچ کے پھر آ تجھے صلاح ادب ہوں

رجز ایک دشمن سے　صفین کے میدان میں آیا اِک جنگساز
علیؑ سے کہا تجھکو نہیں جنگ کا انداز

تو کون ہے لڑنے کے لئے مجھکو پکارا　　ہاتھوں میں میرے تیغ جو آتش کا شرارا
حرکت میں جب یہ آتی ہے نظر موت　　میں واقف و حاذق فنونِ جنگ کا سارا
میدان کے قابل نہ تو نادان ہے لڑکا　　جلدی سے بلا شک تو کر میداں سے کنارا

ہدایت　وصی انبیاء کا ہوں میں وارث الحرم
میں وارث الکتاب مصطفیٰؐ کا ہیں ہم

میں عبد مطلب کا پسر نام ہے علیؑ　　کتب سما و کعبہ کے ہم وارث و ولی
ہے حق سراسر میں مصطفیٰؐ کا برادر　　مقام ابراہیمؑ و علم میرے لئے ملی

تمام قوم عرب پہ ہم ناصر نبیؐ

ہدایت　خطاب پر عتاب معاویہ کی فوج و
حسرم سرا رحمگ سے پر زار و جاؤ

خدا نہ خواستہ کہ سدا ہو میان جنگ　　برابر ہو جنگ کہ جیسے مانند
باہم مرو یا سم مریں دوڑ دیگر نہ ہو　　نہ رہیں نہ سم قرار کریگے نہ طرح سگ

ہدایت　ہے ظفر موج موج علی کی صف میں
سر واز و جانباز کارزار حسین ہیں

کیا پوچھتا تو حال ہے میرے صحاب سے　　اگر تو لینا چاہتا ہے خبر صواب سے
دیتا ہوں خبران کی تجھے غیر جھوٹ سے　　میں میر صحاب وہ ہدا و الکتاب سے

ثابت قدم میدان میں کامل بہ کارزار
اے لوگ کرو غور حقیقت جواب کے
ہدایت
علیؑ کے صحابہ کے ہیں کمال مناسک
صبور کارزار اور دین کے سالک
غضبناک

آتے ہیں مدد بھائی کو بیرے جو دوستان
بھائیوں پہ کوئی غضب گرے وہ اُنکی
اگر نہ ہیں حاضر کبھی وہ یاد کے حافظ
اگر نہ وہ حاضر کبھی ہیں انکا نگہبان
ہیں جنگ کے پسران بھیجتی ہیں مادران
ہیں پیچھے وہ پسران پیچھے انکے ہیں پدران
ہے ازد قبیلہ میری تلوار کفر پر
دیگر عرب کے ہیں سردار یہ تنبیہ کے ہیں خنجر
یاروں کے وفادار اگر یہ کبھی مغلوب
کرتے نہیں فرار یہ مغر سے بے خبر
اُن کے جو ہیں لباس اور ساز کار جنگ
زرہ جو ہر اک جنگ میں اعدا سے چھین
سران کے سخت خودوں سے مثل زرہ عن
نیزوں سے اور تیروں سے ہیں انکے تیز تر
دشمن کی جان تنگ تیغ جنگ ہے خنداں
دشمن کو بار کر ہوئے نیزے بہ خون تر
ایسا نہ کوئی دن ہوا ایام زمن سے
مگر دیکھائے اُنھو نے عجیب تر نظر
بہت بلند ازد ہے قدم قدم ثبوت
ہوتے ہیں جب سوار دیکھاتے سو اقدام
یہ اوس اور خزرج قبائل ہیں ممتاز
کرتے ہیں مدد اور بخشش مال سے اکثر
اے ازد قوم جنگ میں ہو پیش رواں تم
ہرگز نہ سست کار ہو جب سخت ہو
تم نے وفا سدا کیا وفا کے اصل ہو
سچ ہیں تمہارے ہو نہ سکا جھوٹ کا
بے شک تمہارے حملہ سے کھاتی ہے خوف خلق
غضب تمہارا ان پہ ہے آسان و زود
اے ازد قبیلہ ہیں راضی تم سے ہوں تمام
پیچھے نہیں رہتے ہو تم ہر کار میں سرکر
خدا کے رحم و کرم سے ہو وہ نہ تم مایوس
جہاں بھی چلو تم خدا کی تم پہ ہے نظر
ہو نیک جوانی و نیک اصل نیک پھل
انگور سے انگور نہ کریر کا ثمر
گر ان سے کوئی بڑھے تو یہ بڑھ جاتے ہیں ان سے
غالب پہ غلبہ کرتے ہیں فاخر پہ ہیں افخر

رحمت پہ ہیں صبور کثیروں پہ ہیں کثیر ۔ تیروں پہ تیر سلب کے اوپر ہیں سلبگر
علیؑ کی ولایت سے ہوئے ان کے عمل صاف ۔ انکی صفا جوانی پہ ہوا نہ بد اثر
خلیق ہیں شفیق ہیں اپنے مقام پر ۔ کرتے نہیں جہالت وکرتے نہ شور شر
راضی اگر یہ ہوں تو زمیں پر باراں ہو ۔ جب یہ غضب میں آتے ہیں جاتے ہیں نیزدر
لوگوں سے بڑھ کے سخی ہیں جب انسے کرسولؐ آئے پیغام جنگ پہ ہیں سخت بہادر
انکو نہ زیر کرسکا لشکر کثیر کوئی ۔ غسان کا لشکر ہو یا کوئی اور ہو لشکر
رب ورسولؐ انکو دیوینگا جزاءِ خیر ۔ جرأت وقرب اور عمل نیک کا اجر

ہدایت ۔ دنیا مثال سانپ زہر اُس کے ہیں دندان
جسکو یہ ڈنگ لگ گیا اس کا نہیں درمان

دیکھے تو جب بلاد کہ بن گئے عدم اباد ۔ ہوتا تھا فلانہ وفلانی کبھی یہ یاد
دنیا مثال سانپ کے پُر زہر سرایت ۔ بیرون صاف ہے مگر اندر سے زہر باد
کافی امور وکام تھے مشکل تمام تھے ۔ سختی سے کئے حل ہوئے اسان بر مراد

ہدایت ۔ دنیا کا ہے خیام مثل کیبپ عنکبوت
جیوں باد بے بنیاد بے درنگ بے ثبوت

دنیا فنا ہے دنیا کو بالکل نہیں ثبوت ۔ دنیا مکان جیسا آشیان عنکبوت
تازہ گزر کافی تجھے اے طالب دنیا ۔ ہر ایک جان جلدی سے ہے موت سے موقوت

ہدایت ۔ ہر چیز اپنے اصل کو آخر پہ موڑ ہے
دنیا کے ہر اک جوڑ میں آخر کجوڑ ہے

زمان شب وروز کیا تو نہ دانستہ ۔ بدلتے ہی رہتے ہیں ایک ہفتہ سے ہفتہ
جتنا نیا لباس وہ آخر کو ہے خستہ ۔ الفت میں ہو فراق اور جوڑ شکستہ

ہدایت ۔ دنیا پہ مت جما قدم تو جلد ہو فرار

عقبیٰ کو کر پسند کہ دنیا میں نہیں قرار

پیدا کیا خدا نے تجھے پہلے تو تھا عدم　　عرصہ کے بعد پھر تجھے مرنا ہوا لزو

دارالفنا میں تو نے کیوں وطن بنا رکھا　　دارالبقا میں تو بنا اپنا وطن ار

ہدایت　اِک روز کی کافی تجھے کر اس پہ قناعت

لقمہ قلیل کھا کے سمجھ اس کو فراغت

سادہ خوراک اک مکان و مختصر لباس　　اتنا بھی بہت ہے اسے جو موت کا شنا

ہوتی ہے اگر جس کسی کی نصف روز موت　　ہوتی ہے اسکے مرنے سے آدھی خوراک فو

ہدایت　اک روز کی خوراک کو کافی سمجھ معاش

زیادہ نہ حرص کر تو زیادہ نہ کر تلاش

پردہ و شرم کے لئے لباس و اک مکان　　کپڑا اقدر عریان و قدر بھوکھ کے ہونا

کافی اُسے بلاغ ہے جس کا وسیع دماغ　　اتنا بہت فراغ جسے موت کا لگا

ہدات　معاش کی تلاش میں ہرگز نہ بن حیران

کافی تجھے اک نان ہے شکم نہ کر کلان

اے طالب دنیا تو ہوا کیوں ہے پریشان　　ہے صبح شام طعام یہ کافی تجھے گزرا

کیا اسکو یہ کافی نہیں دنیا میں جو مہمان

ہدایت　خلاف اپنے نفس کے جنگ و جہاد کر

لذات و خواہشات پہ تو مت ازاد کر

کیا صبر کو ساتھ کئے ترک میں لذات　　ہوا صبر بہ ذات پس وہ ہو گیا ثبا

کامل وہ ہے انسان سدھارے جو اپنی جان　　طمع میں ہے نقصان پر قنع میں فراز

ہدایت　نظر نہ کر کسی پہ تو شہوت کے اثر سے

دیکھو نہ تصوّر سے نہ شہود نظر سے

کہتا ہوں میں آنکھوں سے کہ دیکھو نہ نظر تار — دیکھو نہ زینہار مثل چوروں کے اطوار
اکثر تصورات سے ابھرتے ہیں شہوات — رہتا ہے وہ حسرات میں مصلوب سے وہ عار

ہدایت — غمناک دلوں کے لئے ارشاد بہ تسکین
دنیا کے حوادث میں صبر و شکر کی تلقین

قسم ہے رب کریم کوئی ایسا نہیں صریم — سدا رہے مقیم اگرچہ بھی ہو عظیم
وحشت کبھی نہ کر تو اگر سر پہ ہو زحمت — کر تو نہ شکایت اگر تو بن گیا سقیم
کافی تھے نیک بشر کہ جب اُن پہ آئے ضرر — کئے مگر صبر ہوئے صدمات کل عدیم

ہدایت — خاموش و کم سخن کی قدر بے شمار ہے
ادب ضمیر و زینت و عزت و وقار ہے

اے مختصر کلام سے عزت بنے تمام — پر کثرت کلام کا ہرگز نہ احترام
قلت سخن ارمان طوالت میں ہے نقصان — رہتا جو بند زبان وہ بے عیب بانجام
اگر کلام تذکرہ مقصود ہے نقرہ — مگر خاموش لعل جو یاقوت میں توام

ہدایت — قابل فرح وہ مردہ نفع جسکا ہے مفقود
قابل مدح وہ مردہ نفع جسکا ہے موجود

مرنے سے قبل مردہ جو مردہ صفات ہے — مرنے کے بعد زندہ جو زندہ صفات ہے

ہدایت — علیؑ ہجر نبیؐ میں صبح شام تھے گریان
لازم ہمائے ہجر سے اشکوں کے ہیں بحران

تیرے ہجر زندان میں رہتا ہوں میں گریان — نکلے نہیں کیوں جان جب ہوتا ہیں نالان
راحت نہیں نہ خیر کہ زندگی میں تیرے غیر — زندگی سے مجھے بیر کہ زندگی نہ ہو طولان

ہدایت — اے مرسل خدا تو دے جواز علیؑ کو
پتھر سے ماردوں تیرے دشمان شقی کو

زرہ ہو گر ثبات وہ ہیں حافظ حیات — بدن پہ گر غلاف ہو رکتی نہیں ممات

ہر جوڑ اور جمع اور لذت و نفع — آئے جو وقت قمع ہونگے بہ تفرقات

یارب ہر ثواب اور مانع العذاب — شکرا بہ سبب تیرے ہم کو دے دیا نجات

ہیں بچازاد تجھ پہ فدا دے اذن مجھے — اوپر تیرے اعدا کے کروں پتھروں کی برسات

ہے صاف حقیقت کہ موت مثل شربت ہے — آتی ہے بہ سرعت ہیں مستحر بہ کل اوقات

ہدایت

ہے سرزنش علیؑ سے اک ملعون شقی کو
قریب تھا وہ قتل پہ جناب نبیؐ کو

تجھے غرور فخر جوانی اوقات کا — آیا قریب وقت ہے تیری ممات کا

ہو جا فرار کیوں ہیں ہر جنگ جدل میں — غالب ہوں کل کفار پہ مالک جرات کا

ہدایت

سبق علیؑ سے فوج کو جنگ صفین پر
مرنا جینا تمہارا احمدؐ کے دین پر

پسپا نہ چلو آگے بڑھو عمل کی رفتار — جنگ و جہاد شب و روز کرو بر کفار

حاصل کرو تم دین براہ خدا مرو — ایسا اگر نہ کرو گے ہو گے خطا کار

تم نے کہا کہ آپس آیا ہوں تمہارے ساتھ — اپنی تمنا مت کرو نہ میں ہوں طرفدار

بلکہ جو رضا رب کی بنو اس کے طلبگار

ہدایت

جب ہر طرف سے لشکر زحمت کرے حصار
خطر سے بے فکر ہو کر پاتا ہے دل قرار

جب انتہا پہ آتے ہیں کسی پہ حادثات — کہ جان پگھلنے لگے آتی ہوں تمازات

انتہی بلا عظیم کہ جاتا رہے صبر — اس بد انجیری پہ ہے انجام فراحات

ہدایت

ہر کام یا کلام ہو بطور شرافت
لیکن کبھی تقاضا ہے بطور زحامت

اکثر جو کروں کام کو میں حلم سے تمام — مگر کبھی کبھی کروں میں سختی سے انجام
اک اسپ ہے نرمی کے لئے نرم ہے لگام — اک اسپ ہے جو سخت زین سخت تیز گام
چلے جو سیدھائی پہ کروں میں بھی سیدھائی — اگر دیکھا ہے کوئی تو بھی ہوں سخت کام
میری نہ یہ خصلت کہ بنوں سخت کسی پر — کروں یہ خصلت اگر تقاضا ہو مقام
کہے کوئی انسان کہ یہ ہے خلاف شان — ہے سچ اگر گران ہے عزت کا اختتام
ہوتی ہے تنگ زمین بھی لوگوں کی بدی سے — تیروں سے بچ گزرنا یہ بالکل نہیں الزام

ہدایت

اے دختر نبیؐ دے اپنے ہاتھ سے تلوار
شہر کے چار طرف سے گھیرا کیا کفار

فاطمؑ تو اپنے ہاتھ مبارک سے دے تلوار — تلوار برادو میری ہر روز کار زار
تو ہاتھ فیضبار سے دے مجھ کو ذوالفقار — رستم جو مثل مست جمل ان پہ ہوں سوار
اخبار خطر آج مدینہ کے ارد گرد — ہے موج سمندر مثل کے لشکر کفار
وہ جلد ہیں تیار میرے قتل کے لئے — اور باپ تیرے کو بھی جو عرشونکے ہیں سوار
لوگوں کو قتل کرتے ہیں پس شہر کو برباد — آئے ہیں لوگ مجھ سے ہیں مرد کے طلبگار
راضی خدا کو کرونگا اعداء کو مار کر — حاصل کروں مقصود میں جس کا امیدوار
اسلام کو غالب کروں عالم تمام پر — اسلام بنوں شہید وریدوں سے خون دھار

ہدایت

نیکوں کا ساتھ کرنے سے انجام سلامت
بروں کا ساتھ کرنے سے انجام ندامت

نیکوں کا کر تو ساتھ پا نجات و سلامت — زخمی بنے اک دن جو بھی ہو اہل شرارت
جاہل سے اجتناب کر مذاق کرنے سے — کرے وہ بد سخن جو کرے دل کو جراحت
گالی نہ دے تو لوگوں کو بس کر نہ اعتراض — ورنہ مثال کتوں کے تیری یہ سفاہت
اگر شریف مرد کرے تجھ سے کوئی سوال — اس سے تو خیر و خلق کر بہ قول شرافت

باراس وچشم کرتا ہوں ادائے سخاوت — کرتا ہو جو سخاوت وہ کامیاب سعادت

ہدایت

ہرگز نہ کر کسی پہ تو سینے کا راز فاش

ورنہ وہی کریگا تیری ریش کو تراش

ظاہر نہ کر تو راز مگر اپنے اندر ڈال — ہر نیک بخت کے لئے دبتا ہوں زر مثال

تحقیق میں نے دیکھا ہے جو لوگ ہیں بدکار — کرے ستم نہ چھوڑتے کسی کی صحیح کھال

ہدایت

نرمی سے اور دیر سے تو اپنا کام کر

جلدی نہ کر تو کام کو حاصل مرام کر

نرمی جو ہے یہ نیکی اور دیر سعادت — پس کر تو کام دیر میں ہو تجھکو نجاحت

ہدایت

ہر وقت دمدم تو کر خدا کی عبادت

ہرگز نہ کر کلام جو انجام شرارت

سمجھ تو غنیمت دو نفل رب سے قرابت — اگر تیری خواہش کہ ہو دکھوں سے فراغت

جسدم تیرے دماغ میں دوڑے سمندر — کرنے کو دفع اسکو کر خدا کی عبادت

ہدایت

جنگ صفین لیلۃ الحریر کے حالات

لشکر کفر پہ فوج محمدؐ کے کمالات

شب تاریک جنگ میں جھنڈوں کا ٹکارا — تھکتے نہیں جہاد میں کرتے نہ کنارا

ہیں شیر بیشہ جنگلا ہے جنگوں میں گزارا — کچھ لڑتے ہیں کچھ سوتے ہیں کچھ دیتے ہیں پہرا

کرتے جو فتح آپ قدر ان کا ہے سارا

ہدایت

عورت ہو جسکی نیک وہ انسان بختور

ہر وقت اپنے گھر میں رہے مرد کی ہو کر

وہ مستطاب جسکی جو رفیقۃ الحیات — رہتی ہو گھر کے اندر نہ باہر کو التفات

ارشاد تھا امام کا امام حسنؑ پر

خدا کی محبّت میں کر تو جبر زمین پر

تو والدین کی خدمات کر سدا — نیکی تو کر ہر ایک سے ہو غیر یا اپنا
کبھی نہ کر تو ساتھ مگر پاکباز کا — جو دیندار پارسا و فا صفا ز کا
شرف ملاقات شریف و ادیب سے — شریف زاد شان مجالس کرے افزا
نہ دے کسی کو کر حفاظت زبان — یاروں سے محبت تو کر ہیں تجھ پہ ہوں فدا
دیکھ بر حرام نہ دے دکھ پڑوس کو — کامل تو بن جمیل حسین الصفات کا
پہ اعتماد ہر الم صدم میں کر — حاسد کی بد نظر سے ہو حافظ تیرا خدا
وں سے دل ہٹا کے کر خدا پہ توکّل — نعمت خدا پہ کر شکر نہ دل میں کفر لا
ل سخاوت بنے بلند دار ج — صفات کاملہ کو تو عالم پہ کر علا
نہ کر تعمیر تو آباد کا مقصد — اس دنیا کے میدان میں زندہ نہ کوئی رہا
نعمت رحمٰن سے بالکل ہوا عریان — اس سے تو پوچھ رب کے سوا کون ہے تیرا
ہدایت
لازم بہ جان و دم کرو نیکی کے کام پر
تاکہ تمہارا قدم ہو فوز المرام پر

گئے ہیں ظلم کرنے سے دنیا کے جو سلطان — بن گئے شریف شرف میں بن گئی ہے داستان
اگر اخلاق و سخاوت میں ہو معتاد — حاجت نہ جنگ کرنے کی ہو ملک میں امان
کو نہ پسند نہیں اس کے مراتب — سردار و مقتدا ہے وہ بلند ہے ذیشان
گزر رہی ہے سیاست کمال سے — پس ناز و نزاکت سے گزرتا رہا زمان
ہیں بالا جو دعوائے فخر کا — کہ قدر و سخاوت میں ہیں بلند در جہان
زیبا نہیں مگر ہے عبد خدا کو — نصرت خدا کی جس پہ ہے وہ ذوالفقار جوان
بھی ہیں جوان جو تقوہ سے ہیں عریان — چند ایسے ہیں مردان خدا جنکا نگہبان
مرد کسی کام پہ کرتا ہے دل تمام — بن جاتا ہے صمصام دشمنان پہ بیران تلوار
تلوار
ببر

تلوار جو غلاف میں تلوار وہ بے کار | تلوار وہ جو کارزار لڑتی ہے عریان

ہدایت
عزت سفر میں بنتی ہے سفر میں کر کسب
کہ شرف و ہنر علم و قدر کامل الادب

عزت کے لئے کر سفر ہو دور وطن سے | فوائد پنج سفر میں یقین سخن سے
مشکل کشائی اور سفر میں ۲ ولیات | حاصل ہو علم و ادب بزرگوں کی لگن سے
اگر کہیں کہ سفر میں ہیں سخت مصیبات | عبور بیابان ہو موت فوت محن سے
مرنا جواں کو سفر میں بہتر ہے وطن سے | وطن میں شکایات ہیں جو بعد دفن سے

ہدایت
جبتک نہ ہو خلاق سے برکت کسی کے ساتھ
محنت سے تمر ہو کبھی حاصل نہ اس کے ہاتھ

جس مرد کے لئے ید خدا نہیں شامل | کرتا ہے جو بھی کام وہ ناکام ہے جاہل

ہدایت
ہر کام پہ غالب رہے رحمٰن کی تقدیر
ہر کام میں عاجز رہے انسان کی تدبیر

روزی کو جمع کرتی گر انساں کی فراست | روزی جمع کر لیتا کہ جتنی اسے طاقت
لوگوں کی جو خدمت کرے بن جائے مخدوم | بدبختی ہو محروم پس پیدا ہو سعادت
دنیا کے حاکمان جو کرتے عدل میزان | رہتے سدا سلطان سدا انکی امارت
لیکن یہ انتظام ہے جاری طریق پر | ہوتا ہے جو چاہتا ہے خدا احد او عزت

ہدایت
اگر ہو تمنا کہ کروں نور کی تلاش
دن کو معاش رات کو بذکر خدا باش

اے غیبت گویان میری شب بیداری پر | ہر شب بیداری میں مجھے مرغزاری پر
گر دیکھنا کسی کو ہے خدا کے نور کو | کر ترک خواب اُٹھ خدا کی یادگاری پر

ہدایت
بعضے جو ہیں انسان کہ صورت تو ہے مردم

مگر اصل میں دیکھو تو حیوان ہیں بدرم

اکثر نہ بلکہ کم ہی نظر آتے ہیں انسان — واللہ نہ جھوٹ ہوگا تو جو کہتا ہوں میں بیان

جب دیکھتا ہوں انکو میں عمیق نظر سے — نہ ایک ہے انسان ہیں تمام یہ حیوان

ہدایت

جو تجھ سے دور رہو گیا تو اس کا راہ نہ دیکھ

اس پر نہ ہو حزیں تجھے کار اپنا لیکھ

چاہتا نہیں جو تجھکو اسے چھوڑ اپنے حال — اس کے ہجر فراق پر نہ کر طبع ملال

ہدایت

اس کا تو بنیں دوست کہ جس میں ہوں یہ اوصاف

سخی و وفادار اور راز پر غلاف

منہ

خالی جو تین چیزوں سے وہ ہے نہ خیر خواہ — اس کو تو جلد چھوڑ کے گر ہے بھی لپ شواہ

وفا سجن کے ساتھ اور عمل سخاوت — یاروں کا راز دل میں چھپا کر دینا پناہ

ہدایت

جو یار اپنے یار کے خاروں کا وہ ہے خار

جو یار اپنے یار کے یاروں کا وہ ہے یار

دشمن جو میرے یار کا وہ میرا ہے دشمن — میں اس کا یار ہوں جو میرے یار کا سجن

میرے نہ آ نزدیک میرے خار کا تو یار — دلوں سے ہے تو دور اپنے دل میں تو بدظن

ہدایت

جس قلب میں علیؑ کی محبت ہے امر سے

علیؑ بھی اس کا معترف زمان ابد سے

جو تجھ سے مودّت بنائے اور اعتماد — میں بھی خلوصِ دل سے محبت کروں آباد

جو فاجر فاسق بھی اگر آئے میرے پاس — خدا کے خزانے سے اسے لے کے دوں ارشاد

میرا جو ہے بیان یہ کبھی نہ ہو بطلان — کسی سے نہ مانگوں مگر از رازق العباد

ہرگز نہ کرونگا میں کبھی بخل یہ آئین — راہِ خدا میں جائے اگر مال بھی اولاد

ہدایت

الفت جو مثل روح کے وہ قلب میں داخل

روح ایک بدن دو تو پھر الفت ہے کامل

لوگوں کے خواہشات ہے دنیا کے حاصل   میری مراد صدق و محبت کا ہو حاصل
روح کے مثل دو بدن ہیں الفت کا ہو شمول   روح ایک جسم دو ہیں تو الفت ہے ک

ہدایت   بہتر یہ کام کر تو قناعت کا طریقہ
لازم رکن یہی ہے اطاعت کا سلیقہ

وہ ہے فراغ دل جو کھائے تھوڑا سا لقمہ   کر لیتا ہے گزر وہ کھا کے تھوڑا سا خو

ہدایت   روٹی شکم میں بھر کے کھانا سخت گناہ ہے
ساتھی تیرے مکان کا بھوکوں سے تباہ ہے

بھر کر شکم نہ کھایہ تجھے سخت بیماری   تیرے پڑوس رہتے ہیں بھوکوں سے ا

ہدایت   ہوگا خراب جس کسے طرح کیا گرفت
تخم خیالی باغ در دماغ کیا گشت

دنیا پسند کر کے تو نے دین کو چھوڑا   ہوا تو پریشان اپنے قصد کو بو
دنیا میں رہوں زندہ سدا تیری تمنا   پھرتا ہے سرا تیز دانت موت کا گھو
تو نے نہیں سوچا کہ تیر انداز فرشتہ   جب پھینکتا ہے تیر کسی نے نہیں موڑ
واعظ کسی کے اثر سے حاصل نہ ہدایت   اللہ کا کرم نہیں تو وہ عقل کا ہے بھ

ہدایت   اب کر تو اجتناب سدا وقت غفل سے
توبہ کرو نیکی کرو مرنے کے قبل سے

جو کل کا دن گزر گیا گواہ ہے عمل پر   جو آج گزرتا ہے وہ گواہ ہے شغل
تو نے اگر ہے کل کو کیا کام شرارت   موقع ہے آج روز تو نیک عمل
جو خیر کام آج کا کر آج نہ کل پر   شاید کہ کل کے روز نہ ہوگا تو نہ محل
جو کام آج کرے گا اس کا تجھے مفاد   آنا نہیں واپس جو وقت ہو چکا کل

ہدایت — قبروں کو کھول دیکھو تو کلھم ہیں برابر
امیر یا غریب ہیں مردہ ہیں سراسر

گزر گئے وہ لوگ جن سے میری تھی الفت — بعد ان کے اک میں رہ گیا آ گئی مجھے فرقت
کتنا سفر ہے اس کا جو ہے بیچ مٹی کے — دو اینٹ کی دیوار گر دور مسافت
کھولو اگر قبر کے طبق کیا نظر آئے — شاہوں میں گداؤں میں نہ کوئی فرق علامت
جو شخص صاف کرتا تھا پاؤں کو خاک سے — اب اس کے رخساروں پہ کرے خاک ملامت

ہدایت — دنیا کی تعمیرات پہ لازم چلے طوفان
وقتِ میعاد آنے سے ہوتے رہے ویران

تھے جن کے تعمیرات فلکبوس مکانات — زمانہ سے لذات اور بیٹوں سے راحات
مرمر چلی آفات اور بر ان کے محلات — بن گئے وہ خرابات مٹے ان کے نشانات
دیکھے بہت باغات اور دنیا کے زینات — آتے ہیں مصیبات وہ بن جاتے ہیں کھنڈرات

ہدایت — یا ہر دم تمہیں لازم کہ کرو موت کا تذکار
قبر کو یاد کرکے کرو دنیا سے فرار

بستر سے نکل جاتا ہوں کروٹ بدل بدل — جو موت کے فکر سے دل میں خوف اُچھل اچھل
رہتا جو ہے فکر سے یعنی موت حذر سے — خوابوں سے بے خبر کہے یارب فضل فضل
بڑھتی ہے جب فصل یعنی لگتے ہیں پھول پھل — کرو نہ دیر یعنی کاٹو عجل عجل

ہدایت — کرتے ہیں آرزو کہ ملے پھر بھی جوانی
ہرگز نہ یہ امکان یہ خیال نادانی

روتا ہوں میں بے تاب کہ گیا میرا شباب — واپس میرا شباب ہو دل میں ہے اضطراب
بکتی اگر جوانی ہو بہ قیمت گیران — جتنا وہ مانگتا میں دیتا اسکو بر شتاب
لیکن جوانی جب سے وہ ہو گئی ہے فانی — یہ عدم مکانی جہاں سے اس کا نایاب

اگر مجھے وہ قتل کریں اس میں ہے کیا
اُن کو بھی تو مرنا ہے کوان ہے جو نہیں مرا

اعدا کی تمنا کہ میری جلد ہو وفات — اگر مروں تو کیا وہ رہینگے سدا حیات
دشمن کو کیا مفاد اگر میں قبل مروں — دشمن اگر قبل مرے مجھے ہے کیا نجات
اس کی مثال ایسی جو ہم سے قبل مرا — صبح یا شام کر گیا وہ ہم سے ملاقات

ہدایت

ہرگز نہ چھوڑے موت کسی باپ و پسر کو
حیوان بھی انسان بھی کسی بھی بشر کو

پدر یا پسر ہو نہ چھوڑے ان کو فرشتہ — رہا نہ زندہ کوئی یہ دستور پیوستہ
سلطان دو عالم بھی دنیا سے کیا کوچ — جاتے نہ اس جہاں سے گر قبل نہ کوئی
سر پہ ہمارے مرگ تیر انداز بے خطا — گر آج ہے خطا نہ ہوگا کل کو بر کشتہ

ہدایت

حضرت ابی طالبؑ کا جبکہ کفن دفن تھا
ماتم تھا گھر میں نبیؐ کے غیروں میں جشن تھا

ہر شب غموں کے حال میں ہوتا ہوں میں گریاں — اپنے پدر سلطانِ عرب کا مجھے ہجر ا[ن]
غربا کی لاج اور سخاوت کا تھا وہ تاج — وہ حلم کا مزاج سلف خلف کا ذیشا[ن]
چلا گیا سردار ہم پہ آ گیا اندھیار — زحمت کو مٹا دینگے ہم ہاشم کے جو پسر
عمرانؑ کے فقدان سے شاداں ہے قریش — رہا نہیں زمان میں زندہ کوئی انسا[ن]
کرتی قریش ارادہ ہے مکر و غرور کا — ہوگا انہیں انجام اپنے مکر سے زیا[ں]
چاہتے ہیں قتل نبیؐ اور نبیؐ کی تکذیب — کرنے لگے بہتان اور جنگ کے سامان
قسم خدا کی تم جو ہم پہ جھوٹ بنایا — نیزوں سے اور تیغوں سے تمکو کرو[ں]
دیکھو گے ہم سے منظر طوفان جنگ کا — زرہ وثیق پہن کے جب آئینگے مید[ان]
مارو گے ہمیں تم یا ہم تمہیں کریں ہلاک — اعلان کرو پسند یا آؤ طرف ایما[ن]

حمدؐ کے رشتہ دار جو نزدیک ترین ہیں — ہاشم کے ہیں پسران وہ بہتر ہیں با جہان
حمدؐ کا ہے اسد جو مددگارِ محمدؐ — ہرگز نہ اکیلا کہ جس کا یار ہے رحمٰن
یا نبیؐ کریم جس کے ساتھ روح امین — نام اس کا محمدؐ لکھا خدا نے بہ قرآن
ح انورِ سرور کا تابتر ہے بدر سے — نکلا ہے بادلوں سے وہ کائنات پہ تابان
زین ہے خدا کے خزانوں کا وہ امین — ہوگا نہ کبھی غلط محمدؐ کا جو فرمان

ہدایت
تپوں میں مبتلا علیؑ ہجر بتولؑ میں
ناغہ کبھی نہ ہوتا تھا چشم نزول میں

بعد تیرے زندگی اے بنتِ مصطفیٰؐ — ظاہر کروں دشوار ہے میں نے چھپا دیا
ں خدا کے حکم سے گردن میری محکوم — حکم خدا کے سامنے سختی نہیں روا
ے ہجر بحران کے تپوں میں ہوں گریاں — ہم سر نہ کوئی جوان میرے صبر و قدر کا
ں میں صبر صواب اور ہوں میں ظفریاب — جب ہو چکیں خراب مصیبت میں ذوالقوا
ں تپ کی ہے دلیل کہ زندگی بہت قلیل — کرتا ہے عزرائیل مخلوقات کو فنا

ہدایت
بنتِ نبیؐ بتول کو فرماں کیا امیرؑ
در پہ تیرے اک سائل ہے زندان سے اسیر

ر نبیؐ کی فاطمہؑ صفات حمیدہ — قرۃ عین نبیؐ کی تو ذات بجیدہ
ت خدا کی ہے نبیؐ کا تاجِ سخاوت — پدر زیرے کے در آیا قیدی ہے رنجیدہ
ں میں باندھا ہوا با طوقِ خمیدہ — کہتا ہے بھوک نے مجھے کیا ہے رنجیدہ
ں جو آج دینا ہے کسی مسکین کو — قرب خدا میں ہوگا اس کا شان رسیدہ
ھ کسان بوئیگا پائیگا ثمر جلد — پس دے طعام للہ بلا غرض کے دیدہ

ہدایت
کبھی نہ ہو ویراں جو تجھے ملک بخشیدہ
روٹی ملی فقیر کو لنگر بتولؑ سے

دیوان علیؑ

فاقہ میں خود مگر نہ سوالی ملول سے

لائے جو تونے ان سے باقی کچھ شیر ہیں   دیکھا ہے برتنوں میں نہ جو ئے کثیر ہیں

حسنؑ حسینؑ فاقوں میں ہیں تین روز سے۔   پر باپ شبیرؑ سخاوت پذیر ہیں

فیضان فی البدیع پہ زود تر امیر ہیں

ہدایت

بیان فضیلت میں ہے اعمالِ حسینہ

کرنے لگے تعمیر جب مسجد بہ مدینہ

جو شخص کرتا خدا کے گھر کی ہے تعمیر   رکوع سجود میں وہ رہے شب تمام گیر

کبھی بیٹھ کبھی اُٹھ کے وہ کرتا ہے عبادت   اس کے مثل نہ ہو سکے شریر و بد ضمیر

نفرت جو کرے خاک بوسی سے وہ ہے شریر

ہدایت

اخلاص ہے علیؑ کا محمدؐ کے دین پر

شک میں پڑے کوئی اور میں کامل یقین پر

شاہد میرا تو بن وکیل صادقاً للہ   میں دین محمدؐ کا تابعدار ہوں واللہ

کوئی اور ہے بددین مجھے دین پر یقین   جنّت میں دے بنا میرا مقام یا اللہ

ہدایت

احد کے کارزار میں علیؑ کا ہے بیان

میرا جو وار سمجھو کہ وہ کُن کا ہے فرمان

غضب علیؑ کا وار خدا جس کا مددگار   کعبے کا رب علیؑ کا رب خالق شب و نہار

نبیؐ کا عم میرا پدر علیؑ ہوں نامدار

ہدایت

اُحد کے شہیدوں پہ جو ہندہ کو جشن ہے

اس پر جواب علیؑ کا بہ میزانِ سخن ہے

آئی خبر مجھے کہ ہندہ عورتِ سفیان   گھر گھر میں خبر دیتی ہے بہ تیز تر زبان

حمزہؑ کے مارے جانے پہ کرتے ہیں کیوں فخر   وہ تو ہوا شہید شہیدوں میں جسکا نشان

حالانکہ جنگ بدر میں عتبہ ولید اور | ابوجہل کو میں نے جہنم کیا روان
قتل تمام کئے جو مہاراج کفر تھے | کر سلب غنیمت کو بنایا یہ کیا دان
شیبہ بھی قتل مجھ سے ہوا جنگ بدر میں | لوتھڑ عفون خون زمیں پر پڑا حیوان
بھیجا اسے جہنم آتش مقام پر | واں سے فرار ہونے کو کبھی نہیں امکان
ہرگز نہ برابر جو گیا دار سقر کو | زرداب و پیپ اس کی ہے خوراک ہر زمان
ہرگز نہ وہ ایسا جو گیا دار عدن کو | کہ رزق مستطاب اسے شرب رغب جان

ہدایت

احد کی جنگ میں جو حوادث ہوئے ظاہر
حالات بینات اہل عقل کی خاطر

اللہ فرد ہر ذرہ جو صمد ازل قدیم | اس کا نہ کوئی شریک ملک میں نہ کوئی زعیم
جس نے دیا کفار کو سقر میں جا مقام | مومن تمام حسب وعدہ عدن میں مقیم
دولت جو ملی ہم کو وہ خدا سے ہدایت | محن کے بعد ملے گا امن چمن نعیم
اللہ مددگار جو اس کا ہے طلبگار | کفار پر قہار جب آتے ہیں بن رجیم
ہم پر فخر بناتے ہو اور باپ تمہارے | دوزخ میں بھیج کر بنایا تمکو ہے یتیم
طلحہ کو کر ذلیل مار کر گرا دیا | تیغوں تمام پر تیغ ذوالفقار ضرب عظیم
عثمان کو نیزوں سے دیا ذوق سقر کا | کپڑوں کو پھاڑا اسکی زن سنایا یہ عجب صدیم صدمہ
نو فرد ہماروں پہ جو حملہ کیا اعدا | آئے وہ آپ گھیرا میں واصل ہوئے جہیم
ہر قبیلہ مرد تھے بلاء کے فرد اور | سنڈھوں کی پیٹھ ناک مثل فیل خراطیم
نجرالوری نبیؐ نے دی شکست کفر کو | جو شر کا منتظم تھا اُبَیّہ ہوا رجیم
مردہ پہ اسکے میں سوار کرگس و کفتار | کرچو ہنڈ پھاڑا اور گیدروں سے کیا ریم
تم نے جو کبھی دین کا بندہ کیا شہید | ہُوَ السّعِیدُ صَدَقَ عِنْدَ اللّٰہِ الحَکِیم
ان کے لیے فردوس میں باغات بنے ہیں | گرمی نہ ہو سردی نہ ہو کبھی نہ وہ سقیم

شہدا کی یادگار پہ رحمت کرے خدا
ہر قبیل بہشت پہنچ گئے بڑی تعظیم

وفا کئے نبیؐ سے اور سر فدا کئے
من جملہ شیر حمزہؓ ہے کامل حیا حلیم

حضرت مصعبؓ شیر جو دروں پہ ڈٹ رہے
اتنے لگے نیزے وہ ہوا خون میں کتیم

کشتہ جو ہے ہلّٰہ نہ مثل مردہ کافر
کافر بہ سقر بند ہمیشہ عذاب الیم

ہدایت
حد سے بڑھے قریش کے فساد و عداوت
اتنے علیؑ کے بڑھ گئے اخلاق و ہدایت

ساماں کیا قریش نے فساد بنانا
احمدؐ کے رب کے نور کو چاہتے ہیں ہٹانا

تلوار بہ تلوار اور جنگ تیر انے
ہر ایک کے ہر ہاتھ میں تلوار برانا

تلوار و تیر و نیزے ہیں فولاد کے مضبوط
سر نوں پہ کئے تیز کل آلات جنگانا

ہم نے کہا لڑو نہیں امن کرو پسند
بہتر تمہیں ہے دین محمدؐ پہ آجانا

کفار نے کہا کہ ہمیں صلح سے انکار
ثواب کیا عذاب کیا حشر کا ہے آنا

پس ہو گیا حکم نبیؐ لڑو کفار سے
جہاد بالکفر جو رضا رب کی ہے پانا

ہدایت
اک کافر و مشرک کو ہے امیرؑ کا خطاب
قبول کر تو دین وگرنہ تو ہے خراب

قادر ہے جس پیدا کئے بلند سماوات
بلند سے بالا کئے عرشوں کے کنارات

بھیجا ہے اس نے مرسل ہر شکل جو بے مثل
احمدؐ نبی کو ختم ہے کہتی ہے کائنات

غافل تجھے مرنا بھی ہے ہونا بھی ہے حساب
پس نکل ہلاکت سے تو کر دور خرافات

کر تو قبول دین محمدؐ کا بن شناس
عزیٰ کو فنا کرکے کر تو رب کی عبادات

لات و منات کو لات مار کر فنا
تجھے ڈراتا ہوں حشر کے سخت حسابات

ہدایت
سرور و حیدرؑ کا صرف فرق اس قدر
کہ ایک روح ایک نور ایک ہے بصر

میں ہوں اخی رسول یہ نسب ہے ذیقدر
سبطِ نبیؐ ہیں میرے پسر نبیؐ میرا پرور
دادا جو ہے نبیؐ کا وہی میرا ہے دادا
زوجہ میری فاطمہؑ جو محمدؐ کی ہے دختر
شاہد میں نبیؐ کا ہوں جبکہ لوگ تھے تمام
شرک وضلال وظلم میں بڑھے ہوئے بدتر
مالک تمام صفتوں کا واحد جو لاشریک
سرمد ازل ابد ہے جو محسن ہے علیؑ پر

ہدایت

غالب ہے مجھ پہ کون یہ امکان بے بنیاد
اگر مجھے وہ مار لیں کیا وہ سدا آباد

اُترا میں ایک شہر جہاں میرے تھے بدخواہ
دشمن وہ میرے تھے کہ جگران کے تھے سیاہ
غالب اگر وہ ہوتے مجھے مار جو دیتے
رہینگے کیا وہ زندہ اگر مار بھی لیتے

ہدایت

ارشاد ہے امیرؑ کا حنیفؓ پسر کو
جب خون رنگ جنگ ہو پس تو کر صبر کو

ہوگا تیرا کمال مثل باپ نیزہ مار
بہتر تجھے ہے جب تو کرے جنگ شہر بار
نیزہ پکڑ تیار ہو پس یہ ہے ذوالفقار

ہدایت

کیا خطاب علی نے ہاویہ کا تو ملزم
فساق تو ظالم تو اے پسرِ ملجم

چاہتا ہوں تیری زندگی چاہتا تو میری موت
مراد قبیلی سجن تیرے سے تیری موت

ہدایت

کی سرزنش حضور نے ابن الحرام کی
ملعون بے حیا تجھے مستی قطام کی
مستی تجھے وعدہ سے جو وعدہ قطام کا
الحق سے پھر کے تو نے لیا راہ حرام کا

ہدایت

آئی آواز سحر قبل وقت شہادت
ملجم کے بیٹے کو کہا نہ کر تو حماقت
ملجم کا بسر قتل سے میرے ہٹ آ تو باز
مومن مجاہد ہوں للّٰہ ہوں پابند ہوں نماز

اٹھو کرو ذکرِ خدا دیتا ہوں یہ آواز

ہدایت
ارشاد ہے حضور کا صبر سے کر بسر
ہر زحمت و مصیبت و ہر خوف و خطر پر

باہر سے ذرے آتے ہیں آنکھوں کو کر تو بند
زمن کے حادثات پہ صبر کو کر پسند
بے شک یہ دورِ زمن کا لحظہ مثال پل
زحمت کے روز چند گزرتے مثل سمند

ہدایت
زاری و عاجزی سے ہے اقرار و سوالات
یہ پیش فیض بار جو خلاق کائنات

تیرے سوا میرے لیے نہ کوئی پناہ مقام
پھر سے تیرے ڈر کے ہیں لیتا ہوں تیرا نام
بندہ ہوں گنہگار تیرا کرتا ہوں اقرار
سلطان بے نیاز یا غفار یا سلام
تو نے دیا ہے جس کو سزا عدل سے دیا
بخشا جو تو نے کسی کو تو ہے جو ذوالاکرام

ہدایت
بیان ہے عرفان حقیقت جسم انسان
تیرا جو ہے جسم یہ دو عالم کا ہے میدان

تیرا دوا اندر تیرے تجھے نہیں شعور
تجھے خبر نہیں تیرے اندر جو ہے فتور
تیرا یہ ہے گمان کہ جسم میرا صغیر
اندر تیرے کائنات کی تصویر ہے مشہور
تیرا جو ہے سینہ یہ ہے کتاب خزینہ
ہوتا ہے ان سطور سے اسرار کا ظہور
ہرگز نہیں حاجت تجھے باہر کی طرف کو
اندر تیرے اخباروں کا دفتر ہے پر سطور

ہدایت
یاد خدا میں رہنا یہ اوقات فکر کے
غافل خدا سے رہنا یہ اوقات کفر کے

عارف جو ہے خدا کا وہ ہے شاکر الاعظم
اللہ سے جو نادان وہ ہے کافر الاعظم

ہدایت
حسام تیز سے بھی میرا تیز تر عقل
کفر کو کاٹ دیتا ہے مقراض کی مثل

جس دم کہ سامنے میرے آجائیں مشکلات — کرتا ہوں حل انکو میں بہ تیز نظریات
باطن کے حواسات ہیں زحمت کے مقامات — نظر نہ آئے آنکھ سے جو لشکر آفات
مثل جبل کے بن آئے لشکر عظیم — رہتوں عقل سلیم کرو نگا نہ وہمات
عقل میرا ہے تیز تیغوں سے بھی تیز تر — جس سے کہ کاٹ دیتا ہوں دنیا کے اندیشات
مثل دلیر شیر کے میری زباں وثیق — یا مثل تیغ یمن کرے جلد نفوذ ات
جب دل پہ حملہ کرتا ہے لشکر غموم کا — وہ سامنے میرے ہیں مثل لعل جواہرات
ایسا میں نہیں مرد کہ جس کا میں کروں ساتھ — پھر اس سے میں پوچھوں کہ ہیں کیسے تیرے حالات
سرعت بیاں زبان اور دل وسیع میدان — مجھے عیاں کان ما یکون واقعات

ہدایت

غافل جو دین سے وہ قبل موت کے مردہ
قبر میں آنے سے قبل وہ خاک سے خوردہ

مردہ ہیں قبل مرنے کے جو اہل جہالت — قبر میں آنے سے قبل وہ خاک کی حالت
جس نے نہ زندہ دل کیا ہے علم و ادب سے — مردود وہ زندہ نہ ہوگا روز قیامت

ہدایت

دولت کی حفاظت پہ ذرہ ذرہ نگہبان
پر دین کے نقصان سے نادان وہ حیوان

پسر تجھے آگاہ کہ ہیں لوگوں سے بھی حیوان — زبان اور آنکھ اور کان ہیں انسان
جب مال پہ نقصان تو ہوتے ہیں نگہبان — جب دین کا نقصان تو کرتے نہیں دھیان

ہدایت

بچوں کو دے تعلیم اور دین کی خبر
بچپن میں جو تعلیم ہے کالنقش فی الحجر

بیٹوں کو سن صغیر میں ادب کی دے ترغیب — تاکہ تیری پیری میں ہو راحت تجھے نصیب
آغاز جوانی میں کر جمع ادب صفات — جیسا کہ نقش حجر پہ تیری صفت ادیب
یہ وہ خزانے ہیں جو سدا بڑھتے رہتے ہیں — نہ خوف لوٹ جانے کا نہ ان پہ کوئی عیب

اگر ادیب گر گیا کسی مقام سے
آتا ہے فرش دبیپ پہ یا تخت کے قریب

تعلیم دینے والے یا جو طالبانِ علم
غیر ان کے ہیں جھول مثل انکی ہے رسیب

ہدایت
شربت مراد پینا یہ محنت پہ ہے موقوف
کرے جو مشقت وہ فرازی میں ہے موصوف

وہ نامراد ہے جو کرے مشق سے گریز
وہ کار گر ہوا جو جانِ خویش پر ستیز

کر سلک حقیقت کا بہ فوائد مکمل
دکھ سکھ کو سمجھ ایک او دل صبر آویز

سستی نہ کر کے بیٹھ کر تو خوب ریاضت
کامل ہے مرد ہمت سے ہو یا جو نہ پرہیز

اگر تجھے نہ مل سکے تیرا جو ہے مقصود
عذر نہ کر تو چل اندھیر ہو دھوپ تیز

ہدایت
خطاب ابن قیس کو جنگ صفین پر
ظفر صبر سے اور صبر ہے یقین پر

راتوں کے دکھ اور بے خوابی پہ صبر کر
دن کو معاش و کام اور شب کو ذکر کر

تنگ دل نہ ہو ورنہ تو ہے مقصود سے عاجز
سستی و اضطراب سے حاصل نہیں ثمر

دیکھے جو میں ایام مشاہدہ کیا تمام
صبر سے ہے مرام بہ انجام نظر کر

جس نے کیا صبر ہے پایا اس نے ہے ظفر
کس کو صبر سے ہے خسر ایسا نہ فکر کر

ہدایت
زحمت میں کر صبر کہ صبر میں ثمر ظفر
زحمت کے بعد رحمت قرآن سے خبر

محن کے بعد امن ہے کر تو صبر قلیل
ہر کام کر دیا خدا نے وقت پہ توکیل

ہر حال ہمارے پہ ہیمن ہے نگہبان
تدبیرِ کل ہماری پہ تقدیر ہے جلیل

ہدایت
دنیا میں تو سپنج کہ جس میں ہمیشہ رنج
تجھکو نہ ساتھ سنج یہ دنیا کا مال گنج

تجھے دہر دکھائے کر تو خیر انتظار
ہے منتظر جو خیر کا خیر اس پہ ہے تیار

اچھو کوئی

زحمت کے چنبہ میں ہوا اگر تو مبتلا　　پس کر صبر اس کا اثر ہوگا تجھے قرار
اکثر بزرگ مرضوں میں ہوئے ہیں جب لاچار　　شکوے کئے بے خوابی دردوں سے وہ بیمار
چند ایسے بھی اصحاب جو دکھوں میں کامیاب　　رہتے سدا بے خواب لگے موت کے افکار
اکثر جو بزرگان سوئے شب کو وہ شادان　　نازل ہوا طوفان جب صبح ہوئے بیدار
دنیا کا جو جبدار ساتھ اس کا بے وقار　　ہاہر ہے شاندار اس کے دل پہ ہے زنگار

ہدایت

ہرگز نہ چاہیں جو ہیں یہ دنیا سوئے مزاج
مادہ میں اس کے خلط عفونت کا امتزاج

دنیا کی صفائی کو کیا تو نے ہے پسند　　طلب تیری بے سود تو ہوگا نہ سود مند
جب تک تو ہے زندہ تیری آزمائش اے بندہ　　خیر و شر ہے اور وہ کبھی تو رنج کبھی خند
تیرا یہ طمع ہے کہ نفع غیر لرزع ہو　　مگر دریں مکان نفع لرزع لازم اند
فراد بے وقار پیش قدم اقتدار　　کرتا جو ہے فرار نہیں موت سے حذر

ہدایت

مسکین قلب خستہ کو بشریٰ وثیق ہے
یتیم دل شکستہ کا خدا رفیق ہے

ہے عنقریب حوض سے سیراب ہوں عطشان　　دنیا کے آب سے نہیں بجھتی عطش سوزان
وہ وقت ہے شتاب پائینگے شربت شباب　　عدن میں فیضیاب یہ مظلوم یہ عریان
پس استخوان شکستہ خدا جلد جوڑیگا　　اصلی شکل بنیگی بھر چکی جو استخوان
ہرگز نہ بے یقین ہو اندر رحمت خلاق　　دشوار سخت کار کو خدا کرے آسان

غربت سے نہ میں تنگ نہ دولت مجھے سرور
دونوں زوال ہیں مجھے انجام کا شعور

مجھ پر اگر ستم ہو چلوں صبر سے قدم　　پس ہر بلاء و غم کہ سدا انکا نہیں دم
آئے اگر سرور میں ہوتا نہیں مسرور　　یہ مجھکو ہے شعور قریب انکا ہے عدم

ہدایت کر ترک تو لذات کو عزت کا سر بنا
حرص و ہوا کا قیدی وہ ذلت میں ہے پڑا

طمع سے بے نیاز کر اسی پہ اکتفا ورنہ یہ وقت تنگ بناتا ہے یہ گدا
تنگی کے جو ایام یہ رہتے نہیں سدا بعد ان کے خیر انجام ہے کر تو صبر ذرا

ہدایت زحمت پہ صبر اور تو نعمت پہ شکر کر
عادت ایام ہے کبھی امن کبھی خطر

دیتا ہے مجھے سکھ کبھی دکھ زمانہ فرحت کبھی آتی کبھی دکھوں کا ستانا
زمن کے ہر اک روز میں میرا یہ ہے دستور صبر کرے تلخی تو فرح دل کو شکرانہ

ہدایت ہر کام کی لگام ہے ہاتھوں میں خدا کے
لازم تجھے ایمان ہو رضا و قضا کے

لازم تجھے فراغ سے ہر ایک کام پر حکم و قدر خدا کا ہے ہر ایک انجام پر
تجھے نہ مل سکے کبھی تیرا جو نہیں نصیب تجھے ملے ضرور جو ہے تیرے نام پر

ہدایت جو روز ہے مکتوب میں اس روز مرونگا
فائدہ مجھے ہے کیا اگر مرنے سے ڈرونگا

کس روز خوف موت سے کیا ہوں میں فرار مرنے یا مرنے کے دن ہر ایک کارزار
جو روز مرنے کا نہیں بالکل نہ میں ڈروں بار روز مقدر مروں اگر کروں فرار

ہدایت کوئی ہے مکین کار کوئی شرف عمل کا
ہر ایک دیکھاتا ہے کام اپنے اصل کا

خامی عمل نہیں مگر اپنے اقدام پر جو دیکھتا ہے آپ کو ہتک مقام پر
عمل سے ظاہر ہوتا ہے ہر ایک کا اصل عارف حلال کام پہ جاہل حرام پر

ہدایت بخت و زوال بندوں پہ خدا کی ہے تقدیر

خدا کا ہے نظام جو عالم کی ہے تعمیر

لوگوں کو حرص دنیا کی ہے لگ چکی کمال — حالانکہ چمک دنیا کی وہ زہر ہے قتال
اکثر کوشاں دنیا کے دنیا نہ ان کے ساتھ — بیٹھے نہ جفاکش مگر پاتے ہیں بہت مال
روزی کبھی نہ ملسکی کمال عقل سے — روزی مگر جب دیتا ہے خلاق ذوالجلال
طاقت سے اگر ہوتا رزق و مال کا حصول — روزی پرندِ خورد باز لیتا سب سنبھال

باز شکاری پرندہ مشہور ہے

ہدایت
روزی کا میسّر جو ہے خدا کا ہے امر
ہرگز نہ آدمی کے ہے قبضہ میں ذرہ بھر

وہ پاک رب ہے لوگوں کا اور کل حیوان کا — رازق وہ کافروں کا اور اہل ایمان کا
ہوتی اگر روزی کسی بندے کے ہاتھ میں — دیتا نہ کبھی وہ تجھے ٹکڑا بھی نان کا

ہدایت
عجب عجیب دور زمن کے ایام ہیں
کبھی امن چمن میں کبھی غم الام ہیں

دیکھا جو میں نے دور اختلاف زمن ہے — سدا نہ چمن عیش نہ ہمیشہ حزن ہے
دنیا کے جو سلطان بنائے محل مکان — ہوگئے عدم نشان نہ مکان و مسکن ہے

ہدایت
دنیا کا جو دستور ہے رواج سب مکر غرور
رہتا نہیں عیش کبھی غم کا سرور

فریب ہے دنیا کا جو ہمہ فوائد و رنگ — رہتا نہیں نشیئوں کو سدا سرور بھنگ
اے شوم لوگ ننگ کرو تم ہمارا سنگ — یہ ملک ہے درنگ ہمیشہ فساد و جنگ

ہدایت
جب گھر میں زر آجاتا ہے زحمت کا ہے صدمہ
ہوتا ہے جب فرار تو ہیہات کا زخم

دنیا کو تو چاہتا ہے پر دنیا نہ تیری یار — دنیا سبب رنج ہے تجھے نہیں شعار
دنیا کا جب اقبال بناتی ہے بدخصال — بنتا ہے برا حال جبکہ ہو چکے فرار

ہدایت

جس نے پیا شراب ہے دنیا کے سبو سے
آیا شکار طوق میں وہ سخت قابو سے

تجھ سے ہوا ہیں دُور اے دنیا زہر فشان — اپنے تو جامعین سے کتنی ضرر رسان
پیا نہیں کسی نے تیرا شربتِ لذت — جس نے پیا تو کر دیا مریض لا اماں

ہدایت

اکثر مریض جیتے ہیں عمر طویل میں
اکثر درست مرتے ہیں عرصہ قلیل میں

دنیا میں طول امید بناتا ہے تو مگر — صبح کو زندہ ہوگا ہے کیا تجھے خبر
کافی صحیح جوان بغیر مرض مرے ہیں — کافی رہے زندہ جو تھے مریض سخت تر

ہدایت

ہرگز نہ بھروسہ کرو دنیا کے سبب سے
توبہ کرو ڈرو خدا کے قہر و غضب سے

دنیا لگی پسند جبکہ تجھکو ہوا لخت — کیا فکر تو نے جب ہوگا قضا کا وقت
عیش و چمن کی شب تجھے مخمور کر دیا — پھر بعد شب سفید کے آنے اندھیر سخت

ہرگز نہ شکایت کرو دوران زمن سے
جو حرکت و سکون وہ خدا کے اذن سے

گشتہ

کرتے ہیں اعتراض بر زمان گزشتہ — حالانکہ گزشتہ میں نہ کوئی عیب ہے
راتیں بھی گزرتی ہیں تیرے عہد موافق — دن بھی گزرتے رہتے ہیں ہم پیوستہ
بارش سما سے ایک قطرہ بھی نہ ہوا بند — ہوا نہ شمس و قمر کبھی دُور سے بستہ
تو نے جو کیا گردش زماں پہ یہ شکوہ — یہ ظلم ہے تیرا تو مذمت میں گرفتہ

ہدایت

دنیا میں جو امیر وہ آخر میں ہے فقیر
دنیا میں جو فقیر وہ آخر میں ہے امیر

اکثر جوان جن کے پاس مال ہے کثیر — عقبا میں بد نصیب سر ان پہ ہے عسیر

اکثر جوان ہیں کہ وہ دنیا میں پریشان — عقبیٰ نصیب شان سرا وہ بنے امیر
ایسے بھی ہیں کامل جو ہیں کونین میں فاضل — دنیا کے بھی شامل بنے عقبیٰ بھی ہے بغیر
ایسے بھی ہیں خالی جو ہیں کونین سے خالی — دنیا میں بھی غیر اور عقبیٰ میں بھی حقیر

ہدایت
جو شخص نہ محتاج اسکے سر پہ قدر تاج
کرتا جو احتیاج ہے اسکا نہ کچھ رواج

دیکھا جو دور زمن کا میں ساٹھ سال سے — آزمائش کیا میں نے دکھی سکھی حال سے
درجہ بڑا جو دین میں وہ بے نیاز کو — درجہ بڑا کفر میں وہ کرنے سوال سے

ہدایت
غربت سرا سوار مرد دیندار پر
جیسا کہ خر سوار ہے شرابخوار پر

کثیر مال پہ نہ عیب و سقم ہے — جو کچھ کرے کرائے ذرہ بھر نہ شرم ہے
دولت کا ہے حجاب تونگر کے عیب پر — فقراء و مساکین پہ ذلت کا قدم ہے
اسی طرح شریف پہ غربت کی خواری — جیسا کہ خر عادی پہ خمر کا ستم ہے

ہدایت
مسکین کے لئے غبار خاک یار ہے
ان کے جو ہیں مکان نہ در وہ دیوار ہے

مکان مساکین اور انکے گورستان — پھر انکے ویرانوں میں گو رانکے ہیں سنسان

ہدایت
جو فقر با شکر ہے وہ فقر ہے فخر کا
جو مال ہے غرور کا وہ مال سقر کا

بہتر فقیر غنی سے ہیں تجھکو دوں دلیل — بہتر کثیر مال سے جو مال ہے قلیل
اکثر تو ہے دیکھا کہ تونگر ہے منکر — مگر غریب شکر خدا میں رہے جمیل

ہدایت
جو شخص نوش کرتا ہے لقمہ حرام سے
لذت سدا اسکو ہے سقر انجام سے

جو شخص چوس کرتا ہے لذت حرام سے | لذت بھی نہیں سدا وہ ہے مجرم انجام سے
رہتے ہیں بعد اسکے خطیئات کے شکوات | لذت کو چاٹ کر ہوا دوزخ دوام سے

ہدایت

بے رحم و بے شرم ہے جو کھاتا ہے حق غریب
اسکو نہ امتیاز کیا سفیہ و کیا ادیب

بہتر ہے بے حیائی سے آتش میں جل مرے | یہ بے شرم نمونۂ جہنم میں لے چلے
وہ بدضمیر رات گزارے جو پر شکم | اسکی پڑوس ننگ اور بھوکھ میں مرے
غربا کا حق ہضم کرے بے شرم و ستمگر | شرفا کا کمینوں سے ذرہ فرق نہ کرے
ہوگا تو بے شرم کہ تجھ پہ کوئی کرے نیکی | اور کہے تو یہ کیا ہوا کلمات بے شکرے
عزت سے ہے عاری جو ہے دشمن سے فراری | گھر پر ہے جراری گویا شیروں سا دم بھرے
وہ بھی ہے بے حیا جو چلے لوگوں سے آگے | پھر ہے فرار جنگ سے مرنے سے وہ ڈرے
کوشش تو کر ہمیشہ خوراک حلال کھا | اتنی نہ کھا خوراک جو اسراف سے گزرے
کر اپنے گھر تو خرچ اور خدمت مہمان | اور اس کی کر مدد جو تیرے سائل آ گرے

ہدایت

منہ پھیر لیا حق سے ہوئے طرف ضلالت
اور صدق کیا دور لیا راہ شقاوت

چلا گیا وہ مرد جسکے حکم سے نجات | جو دافع الظلمات والحزاب والآفات
بعد اس کے ہو گیا ہوں میں مجبور اکیلا | زینت حصول کرنے پہ کرتے ہیں فسلات
رستہ لیا بطلان ہوئے حق سے وہ گردان | ہو گئے وہ بے ایمان کئے ترک ہدایات

ہدایت

ظاہر نہ کر تو شکوہ کبھی غیر خدا کو
شکوہ بیجا جبکہ کام خدا بلاء کو

بہتر نہیں شکوہ مگر مقام شکایات | شکوہ مجاز جب نہ ہوں صبر کے مکانات
دیکھا ہے تو دریا کو جب ہوتا ہے خشک آب | ہوتا ہے وقت مچھلیوں پہ سخت عذاب

فقر کے بعد کر تو انتظار فخر کا | فخر کے بعد کر تو انتظار خرابات

ہدایت

صابر جو ہے مومن ہے وہ خدا کے فضل سے
اخلاق میں ثابت وہ مثل مشک اصل سے

جتنا ہو مجھ پہ ظلم میرا بڑھتا ہے صبر | پتھر میں گھسے مشک میرا صبر اس قدر
بڑھتی ہے مہک مشک کھرل سخت ہو جتنی | صبر بھی ہے بڑھتا اگر پکڑ ہو سختر

ہدایت

رکھتا ہوں نظر یار پہ میرا جو طلبگار
قبر پہ میری کرے گا صلوات کا اذکار

یاروں کا ہیں مشتاق وہ میرے ہیں مشتاق | مجھ پر پڑھیں صلوات انہیں میرا جب فراق
مجلس میں کریں میری محبت کا وہ اظہار | بالغیب مجھے یاد کریں کر کے اشتیاق

ہدایت

الفت کرو تمام صداقت شعار سے
دشمن تو ایک بہت ہے سجن ہزار سے

اخوانِ دل صفا سے بن ملت کا طلبگار | وہ ہیں ستون تیری ندا پہ وہ مددگار
سجن تیرے ہزار زیادہ نہ سمجھ یار | دشمن جو تیرا ایک تو کافی سمجھ شمار

ہدایت

جس کا لباس غیر شرع اسکو یہ خطاب
دنیا میں ناصواب تو دوزخ تیرا مآب

فاسق تیرے لباس میں نہ خیر و خوب آثار | مفاد و ضرورت کا نہ میں تجھ سے طلبگار
عزت تجھے نہ ملیگی عمر تمام بھی | ہوگا تو جب ہلاک تو دوزخ میں بردار

ہدایت

کمال قناعت فقیروں کے حال کی
رکھتے نہ وہ کسی سے ہیں غرض سوال کی

جس کا ہے دستر خوان پیالہ وہ مستطاب | کرتا اسی میں گزر خورِ نان و نوش آب

ہدایت

کر نفس کو تلقین کر کسب حلال کا

جس کا اخیر حشر میں عزت کمال کا

محنت مثل غلام کر ہوگا تو پھر آزاد
کسی کا مال کھانے کا بالکل نہ دکھ مراد

ذلت نہ سمجھ محنت ذلت سوال ہیں
اپنے کسب بغیر لوگوں پر نہ اعتماد

ہدایت
ثابت قدم سدا رہو تقوہ شعار پر
جس کا انجام ہے رضائے کردگار پر

بویا نہ تو نے کھیت دیکھیگا تو جب کسان
کاٹینگے پیداوار پس ہوگا تو پشیمان

قبر میں نہ کوئی یار ہے تقوہ کے سوا اور
تقوہ تو کر تیار جو حشر میں نگہبان

ہدایت
جسدم میں دیکھتا ہوں یتیمو کے گزر حال
فاقوں میں بسر کرتے ہیں مجھے ہے غم کمال

زحمت بڑی بڑی میں اتنا رنج نہ آیا
جتنا کہ یتیموں کا ہوا مجھکو غم کمال

ہو گئے یتیم انکی کرے کون اب سنبھال
غربت سفر وطن میں مصیبت کے

ہدایت
فکر کرو جسدم ہوا شباب کا فرار
سمجھو کہ نمودار ہوئے موت کے آثار

ہے عنقریب موت جب پیری کا زمانہ
ہو گئے سفید بال ہیں اب تجھ پہ نشان

جب سر سفید ہو تیرا اگر خوف روزا نہ

ہدایت
نوحہ بیاں علیؑ سے در فراق مصطفیٰ
تیرے ہجر کی آنچ سے جگر ہے جل گیا

یا نور خدا نور میری بصر و نظر کے
روشنی ہے چشم میری سبب تیرے

کیا زندگی تیرے سوا مرنا نجات ہے
مجھ پر ہیں ابتلا تیری رحلت کے

ہدایت
رونا غم ہجر میں دافع تلخی فراق
بہ ازدیاد الفت و عروج اشتیاق

جو خود ہیں بے صبر مجھے کہتے ہیں صبر کر   صبر ہیں ہیں اجزاء جو مصبرؔ سے تلخ تر
محزوں کو صبر کہکے چلے اپنے کام پر   محزون بیٹھا ہی رہا بجر دغان پر

ہدایت
حبیبؐ ذوالجلال کی ہجرت کا ہے بیان
بعد اسکے جاں نشیں ہوا بستر پہ اخی جان

نازاں پہ ہوں صدق کیا سنگریز کا سفر   جس نے بنایا کعبہ کو مکاں عزیز تر
لشکر رسولؐ خدا کا جس سے کیا قوم نے کفر   رکھا خدا نے مکر سے تھا قتل کا مکر
لوہیر قتل کرتے ہیں دیکھا میں خواب سے   مگر ہیں پک چکا تھا ہونے قید و قتل پر
بسر کیا رسولؐ نے غاروں میں امن سے   بالکل رہے محفوظ خدا نے کیا ستر
پھر وہ تین دن ہوئے سوار جمل پر   مہری تھی ٹور جمل کی سنگریز پر گزر
دنیا کو ترک کر کے لیا میں خدا سے یہ   کہ بسترِ احمدؐ کی مثل ہے میری قبر

ہدایت
امیر دو عالم کی جنگِ احد میں تقریر
تلوار میری برق ہیں شیر ہوں قدیر

آتا نہیں نظر کوئی میدان کا سردار   مگر وہ جس کے ہاتھ میں تلوار ذوالفقار
تلوار ہے براق جو الماس اصل ہے   اس کی چمک شعاع جو ہے وہ بھی ہے ضرردار
تلوار تیز کار قاتلِ اشرار ہے   شرارؔ نکلتے ہیں ضرردار وقت مار
صادق ہے دیں ہمارا ہمیں دین پہ یقین   ہر کارزار پہ ہمارا صبر کامگار

ہدایت
خطاب ہے علیؑ کا عرب پسر شاس کو
بیاں کیا اپنا کمال اس خناس کو

اظہار ہیں فن جنگ دیکھاتے ہیں سو رنگ   جو بن غضب کا جنگ بناتے ہیں فضا تنگ
گھوڑوں کی تیز دوڑ سے کرتے ہیں فوج دنگ

رجز
جواب ناصواب ہے فرزند ساس کا

ظاہر کیا ہے شان اپنا غیر اساس کا

مادر میری جوان جو واقف جدل ہنر میرا رنگیں لباس اور یمن کی چادر

جنگی ہماری نسل نے فرار و نے غدر

ہدایت

خطاب ہے علیؑ کا اے مرحب تو خیبری
کبھی تو سنا ہوگا تو نے نام حیدری

ملکہ میری مادر میرا حیدر رکھا لقب کائنات کے جنگلات کے شیروں پہ ہوں غضب

بازو مثل حدید ہیں گردن میری شدید ہیں شیر بر اعظم ہیبت میری عتب

باسیف غضب تیز تمہیں ناپ کرونگا ہنکے جدا جدا کروں ماروں بلا ضرب

نیزہ میں گاڑتا ہوں اوپر سخت پتھر کے کاٹو ہیں ہر کفار کے میرا سرا کسب

شاہِ شہاں جوان کی ضرب سخت قہر ہے منکر جو دین کا ہیں اس پہ قہر ہوں غضب

قتل میں کروں ان کے صرف ستا یادہ مرد فساق جو فجار ہیں سفاک سب کے سب

رجز

مرحب گیا مارا آیا میدان میں یاسر
مرحب کو مارا کس جوان دیکھو ہیں وہ جابر

خیبر کی ریاست میں ہوں مشہور میں یاسر ہیں مرد بہادر میں جنگِ فن کا ماہر

آئے ہیں میرے سامنے جب شیر مقابل حملے میرے سے بھاگتے حملہ میرا قاہر

نیزہ جو مارتا ہوں گویا موت ہے حاضر

ہدایت

جواب غضبناک علیؑ بن ابی طالب لب
ضراب ہوں غضاب ہوں کائنات پہ غا

ہے جلد ہلاکت تیری کافر پسر کافر علیؑ ہے میرا نام جو فوجوں پہ ہے قاہر

دونگا میں تمکو مار کرونگا تمہیں خوار قادر میرا ناصر ہیں سدا اسکا ہوں شاکر

تلوار نا کر تمہیں کروں ابھی ذلیل نیزہ میرا شدید ہیں قتال ہوں جابر

ساتھی میرا ہے وِیردو عالم کا جو مُنیر   مانو حکم قدیر جو بلند ہے قادر
ورنہ خدا کا عبد ضرب و حرب ہیں ماہر

ہدایت

یاسر کو سقر بھیج کے حیدرؑ کا یہ بیان
رحمٰن اور اس کے نبیؐ پر میرا ایمان

حافظ میرا ستار جو بہتر ہے مدد گار   خالق سے ہے اقرار ہیں اس کا شکر گزار
ایسا ہیں کروں وار کہ خود دل سے ہو گا پار   احمدؐ میرا ہے یار جو اللہ کا ہے دلدار

رجز

یاسر کے بعد جنگ میں عنترؔ کا یہ بیان
خیبر کا ہیں سلطان اور رستم زمان

ابوالبلیت اور میرا نام ہے عنتر   ماہر فنونِ جنگ اور نوابِ خیبر
ہوں شیر دلاور ہیں زبردست بہادر   بہ غیظ و غضب تر شرو میداں ہیں تلخ تر
شیروں ہیں شیروں کے لئے ہیں شیر بجاور

ہدایت

علیؑ کا ہے بیان ہیں سلطان دو جہان
مذکور ہر زبان ہر میدان ہیں فرقان

ظافرالاعظم علیؑ سلطان کل زمان   دلکو ہیں بڑھادوں کرمیری جو داستان
تلوار میرے ہاتھ کی ہر جنگ ہیں فراز   نکلے جو اسکی دھار سے وہ برق ہے تابان
نیزوں کی زد و شر یہ رہتا ہو ہیں ثبوت   اللہ کا پاک نبیؐ محمدؐ میرا ہم جان
قادر نے بنایا نبیؐ مختارِ دو عالم   عنتر بہ سقر ہو گا نبیؐ ہو گا شادمان

ہدایت

قومِ کفر پیغامِ صلح سے کیا انکار
قنبر نہ دیر کر اٹھا تو جنگ کے شرار

دیکھا جو ہیں حدود سے جب بڑھ گئے ظلمات   تب جنگ کے لئے دیئے قنبر کو اجازات
بنا دیا میدان جنگ اور خنادق   قنبر سقر بنا دیا کافی مرے عدوات

ہدایت

علیؑ کا نام یعنی کہ بہت بلند نام
خدا تو لامکان کعبہ علیؑ کا مقام

بہتر نسب ہمارا ہے لوگوں کو ہے معلوم — ہم اہل فخر دعوہ فخر ان کا ہے مذموم
احمدؐ کے رشتہ دار وہ مخزن ہیں کرامات — ہیں دیں کے عمادات وہ خلاق سے مختوم
زمیں کو بھی معلوم ہم زماں سے افضل — سنگ بزرگ و جبل یہ سب ہیں محکوم
کعبہ سے اگر پوچھیں تو کعبہ بھی ہے گواہ — کالا پتھر نشان ہے الحق علیؑ معصوم

ہدایت

علیؑ صیاد و فاتح غالب ہے ہر شکار
میداں میں استوار علیؑ کے جو ہیں رہوار

جب معد اور مذحج بن کر بہ ہم کثیر — آئے ہیں بہ میدان تو ہیں انکا ہوں امیر
گھوڑے میرے میدان میں مضبوط ران ہیں — سر ان کے اور سینے ہیں تیروں سے نواسیر
نیزے ہمارے دشمنوں کی پشت پر حرام — سینوں سے دھانس کر وہ نکلتے ہیں پیچھے پھیر

ہدایت

لوگوں کے بد اعمال سے کرتا ہوں چشم پوش
اور ان کے بد اقوال سے کرتا ہوں بند گوش

کرتا ہوں چشم پوشی میں کافی امور سے — دیکھوں تو دیکھ سکتا ہوں نظر دور سے
چشم تو دیکھ سکتی ہے مگر کور سے دیا ہے — پیر کرتے ہیں شرم جو ہیں حیا حضور سے
اکثر مقام پر گذر کرتا ہوں در گذر — میرا نہ کوئی نظیر ہے سخن عبور سے
ہمت سے دیتا ہوں میں اپنی جانکو صبر — مجھے خبر اخلاق کی جمع دستور سے

ہدایت

خطاب پسر عاص کو جنگ صفین پر
لعنت خدا کی تجھ پہ تو بدظن ہے دین پر

حیرت مجھے دیکھا جو اک خبیث بدترین — بوڑھا بھی ہو گیا رہا خدا پہ بدظنین
سنتا ہے شل چورہ دیکھے بھی شل کور — راضی کبھی نہ ہو گا اس پہ شاہِ مرسلینؐ

وصئ نبیؐ سے اسکو ہم مثل بناتے ہیں
جو عمرو معاویہ نے یہ لشکر کیا تیار
اونہو نے سر کیا ہے اگر ایک مہر کو
اے ظالم ولعین علیؑ سے جو تجھے کین
ہرگز نہ شک تو کر تیرا انتقام ہے قر
بن عاص مجھے اد کہہ نہ تجھے خیبر و بدر
بدر میں کل قریش کے قتل جو ہوئے جیش
قنبر اٹھا قدم تو کر تیار جہنم
جتنا جو کرے خوف موت سے نہ بچ سکے
کرنا جو ہے فکر وہ کر سکے نہ رد قدر
پس قوم نے حیدر تو میدان پکارا
یا حمزہ نور غمزہ ہوتا شیر جلالی

دشمن ہے نبیؐ کا وہ صدیق عین وہ لعین
لیا خرید فسق بیچکر اونہو نے دین
یہ دین کے لئے نہ کیا دنیا کا کیا زین
قبر میں کہو یقین علیؑ ہے حساب گین
اس دن میں تیرے ناک ڈالوں زہر آتشین
کیا تھا جلد سر اگر حصار تھے سنگین
خارج ہوا درویش اس میدانِ جنگ چین
تو پیش گر علم نہ ہو تو موت سے حزین
کتنا وہ کرے حیلہ و تدبیر کا قرین
جسدم میدان ہونے لگے خون سے رنگین
میں نے کہا جعفر جو ہوتا آج ہم مین
قریش کہنے لگی آیا چاند بر زمین

ہدایت

احمر قتل ہوا جو تھا عثمان کا غلام
قصاص عبد میرے کے کیسان جسکا نام

ہوا نہ میں کبھی اوپر فساد سر بیری — جس سے کہ ہو تکلیف لوگوں کو وہ شریری
لڑنے کا ارادہ نہ کیا کبھی کسی سے — لیکن ہیں لوگ جلد تر فساد پذیری

ہدایت

تلقین ہے یقین کی صحاب دین کو
کہ دین کا غلبہ دیکھاؤ مفسدین کو

کمل مثل چلو بے شک قریب ہے ظفر — ہرگز نہ کرو دیر ہوگی جنگ با شرر
ہرگز نہ ہم ذلیل بلکہ فائق بہ صبر

ہدایت

علی مثل نبی کے معاویہ تو کم و زمانا
میرے جو رشتہ دار تھی زبان درعنان

علیؑ ہوں مجھ سے پوچھ لو انجام کی خبر مجھ سے کرو کے جنگ مگر تم شکست پر
تلوار تیز دھار ہے نیزہ بھی ہے غواص رسولؐ خدا کا ہم سے ہے میرا یہ حق فخر
چاچا میرا حمزہؓ ہوا جعفر میرا ہمزاد سدا وہ ہے پرواز بہشتوں کا ہے خضر
فاطمہؑ میری زوجہ جو ہے میری فخر عظمیٰ یہ ہیں میرے درجات کجا ہند کا پسر

ملعون بہ زندان گرفتہ ہُوَ الْاَبْتَر

ہدایت
عاصی کا پسر بڑھ گیا مکر کمال میں
مجھ سے بھی ضبط نہ رہا اپنے جلال میں

ہوا ہوں میں مجبور نہیں ضبط کا اب کار بنونگا عنقریب ~~بنونگا میں~~ ظفر مند و کامگار
دامن جو میرا کھینچتے ہیں دامن سنبھلتا ہوں رہا یہی دستور تو ہوگا یہ ناگوار

ہدایت
زندگی کے جو ایام یہ انفاس مقرر
اک سانس گزر جانے سے حیات مختصر

دموں سے زندگی تیری گنا ہوا حساب جو دم گزر گیا ہوا عمر سے کم نصاب
جس سے ہے زندگی تیری اس سے فنا بھی ہے جس سے تیرا شغل بنے گا تجھ پہ وہ عتاب
صبح کے تیرے اور سانس اور شام کے زحمت کی نہیں خبر تجھے عقل تیرا خراب

ہدایت
احزاب کے میداں میں تھا مقابلہ تمام
اُدھر کفر تمام اِدھر کل ہے اسلام

سن سن آواز عمرو کی ہوا ہوں میں حیراں کہتا ہے بار بار بھیج جلد پہلوان
دیکھا میں اسکے سامنے گیا نہ کوئی شجاع لشکر بھرے سے کوئی بھی آیا نہ در میدان
مگر میں تھا تیار دیکھاؤں میں کارزار ماروں کفر کا مار جو کفار کا شیطان
ہمت کا اقتدار اور دلوری کا کار میداں میں استوار یہ مرداں کا عز و شان

ہدایت
وزیر محمدؐ کا ہے جواب باصواب
عمرو نہ کر شتاب کہ دوں میں تجھے جواب

اے عمرو ہو خراب کہ آتا ہے وہ شتاب / دے گا تجھے جواب جو آئے نہ تیرے داب
ہیں مستقل عزم میری پہ دور ہیں چشم / اور فاتح کل مہم سدا مرد میری وھاب
تو نے مجھے بلایا ہیں بھی جلد ہوں آیا / تو نے جو سنایا ہیں اسکا لایا ہوں جواب
تیغہ نمک امیز چلے سر تیرے پہ تیز / یہ تیغ جاں ستیز گویا سخت ہے عذاب
سمجھ تو آن فان روئینگی تجھے زنان / کھائیں تجھے دیدان رہیگا سدا عتاب
با خنجر سوزان کرونگا تجھے بریان / شیروں میں داستان شیر جنگ بوتراب

ہدایت
ارشاد از امام بہ ابا ام کل انام
یعنی امیر دو زمن حسن علیہ سلام

کر علم اکتساب کہ سر او وہ تابندہ / کر علم اقتباس کہ جبتک تو ہے زندہ
تقوہ بہ خدا علم سیکھ بن تو بے نیاز / ثابت عقل سلیم بن تو حلم کنندہ
عاجز نہ بن حصول علم سے تو کسی روز / ہو جا تو طلب علم میں ہمیش کوشندہ
بن تو خدا پرست متقی و پارسا / کر تو حصول دین مثل شیر درندہ
جس نے بنا لیا مزاج خلق و ادب کا / وہ قوم کا سردار اقتدار پائندہ
بے شک تجھے معلوم علم نہر ہے خیرات / طلاب الٰہی پہ یہ ہمیش روندہ

ہدایت
احکام خدا پر نہ کر کبھی تو اعتراض
زحمت کو فراغت سمجھ اس سے نہ کر اعراض

جو کچھ خدا نے لکھ دیا نہ کر تو اہتمام / فرحت بنا کے دل میں فراغت سے کر تو کام
مشکل امر کے بعد خوشی جلد تر نصیب / آتے ہیں یہ مقام کبھی صبح کبھی شام

ہدایت
دنیا سے پیار کرتے ہیں جس کا نہ اعتبار
حالانکہ موت دم کے ساتھ نزدیک تریں یار

تعریف حق خدا کی ہے جس کا نہ کوئی شریک / توحید کی تحمید میرا دمبدم سدا ایک
رہا نہ کوئی انیس جو میری کرے تانیس / پیر قادر القدیس میرے دل پہ ہے ملیک

جتنا بھی ہو سکے تو کر لوگوں سے کنارا — اُسکے نہ جا تو نزد جو ہے فاسق و سفیہ
بندہ امید رکھتا ہے ناممکن الحصول — حالانکہ کل امید سے مرنا ہے نزدیک

ہدایت
کپڑے تو اپنے بدن پہ تو پہنتا ہے صاف
مگر نہ کیا تو نے اپنے دیں سے اعتراف

دم و چشم زدن میں کبھی موت کو نہ بھول — اگر حصار و برج میں رہتا ہو تو مقفول
سمجھ تو تیر موت کا بے شک وہ ہے نفاذ — ہر ایک زرہ پوش اور سپر پر نزول
دین پر سے نجاست کو کبھی تو نہ کیا دور — مگر لباس تن کا تیرا میل سے مغسول
طالب تو ہے نجات کا عامل نہ تو خیرات — کشتی نہ چل سکے اوپر زمین بالاصول

ہدایت
مجھے سلام ہو قبور پریشان پر
گویا کہ وہ آئے نہ تھے کبھی زمان پر

سلام اہل قبر کہنہ بے نشان پر — گویا کبھی نہ بیٹھے تھے مجلس میں ذرہ بھر
گویا نہ پیا ایک گھونٹ آب سرد سے — کھایا نہ اور نہ تو نے گویا غذائے خشک و تر

ہدایت
کثرت مال و فوج پہ کافر ہیں فخر میں
کریں وہ وقت یاد ہوا تھا جو بدر میں

کرتے ہیں کیا فخر جو ہیں کفار کے پسران — کہ مثل ہمارے نہ اہل دین کے سواران
پس پوچھ حال بدر کا جب ان سے تو ملے — علیؑ کے کمالات ہوئے کس طرح عیان
ہم ہیں وہ لوگ جنگ میں ہوتے نہ کبھی تنگ — نیزوں کی جب باران ہم ہوتے نہیں حیران
برکت نبیؐ خلاق نے دفع کئے دشمن — رسول خداوند ہم پہ بدر ہے تابان
ہرگز کبھی نہ لگ سکے ہم پر کوئی الزام — ہوا نہ کبھی ہووے گا ہم سے غدر امکان

خنجر جو ہمارے وہ مثل گل گلاب ہیں
دشمن کے سر کے کھوپرے ساغر شراب ہیں

خنجر جو ہمارے وہ ہمارے لئے ریحان — گل نرجس و گل آس سے ہم کو فرح جان

کرنا قتل عدو کو ہمارے لئے شراب
کاسے شراب پینے کے سر ہائے دشمنان

ہدایت
احد کے کارزار میں حیدرؑ کا ہے خطاب
جتنا بلند جنگ اتنا ہیں بھی در شباب

میں شیر نر نظر میری جلال کا جلوہ
میں شیر ہوں سدا میرا شباب کا جذوہ
جب جنگ و جدل سامنے آئے مثل جبل
دم گھٹنے لگے مردوں کا اس حد کا بلوہ
اس حد کے بلا میں علیؑ کرتا ہے غزوہ

ہدایت
بر عظیم عدن کا علیؑ ہے معمّر
زندان و دار امن کا علیؑ ہے مدبّر

شخصا مجھے تو دیکھ میں ہوں رحمت و رحمت
بنا کیا زندان اور دار امانت
زندان اور دار امن سخت عمارت

ہدایت
دیکھے جو اپنے عیب وہ انسان ہے اکمل
دشمن جو حرص کا ہے وہ انسان ہے افضل

کامل عقل انسان جو نقصان سے واقف
نہ حرص پہ دھیان جو شہوت کا مخالف
الفت بنا تو اس سے جو تجھ سے کرے الفت
الفت نہ جسکی خوب ہے اس سے تو ہو طارف
رہبہ جو کسی چیز کا سمجھ نہ تو گران
وقتی اسائش پہ نہ کر آفات کو صارف
حاجت نہیں جس چیز کی اس کو نہ کر تلاش
کافی ہوئے ہلاک جو تھے حرص کے شاغف

ہدایت
خطاب پسر عاص کو جنگ صفین میں
مجھ پہ نہ بن رجیم ہوگا تو سجین میں

میں عاص پسر عاص کو کروں گا گرفتار
ستر ہزار سر گھسیٹ کر کروں خوار
زرہ تمام بدن پہ لاکر آئے کفار
اسپ و شتر جوانوں پہ جوان ہوں سوار
ہم شیر ہیں دلیر اگر ہر طرف حصار

رجز
عاصی کے بیٹے نے کیا انکار علیؑ سے

رجز عمرو بن عاص حق سے ہوا خلاف گویا پاک نبیؐ سے خاص

ہر گز نہیں ہیں عاص مگر باپ میرا عاص غالب گروہ سے ہوں میرا مسکن ہے قلعہ

حالانکہ زرہ پوش ہوں تو مجھکو ڈرایا جو گرد میرے گھوڑے کے میرے نسل قلاص

لشکر نہیں ذلیل کرے جنگ سے فرار آتے ہیں جب جدل میں تو ہر اک بے نواص

کرتا جو ہے فرار وہ مرنے سے ہے خلاص

ہدایت بے حد و بے حساب ہے علیؐ کی سخاوت

طالب کا مددگار مثل سلک اخاوت

آئے جو میرے پاس کوئی سائل کرے عرض دوں بخش بے حساب اسے قرض علی الفرض

آئے جو شرافت سے کروں اس کی حفاظت آئے اگر شریر میں بچتا ہوں علی الفرض

ہدایت مقصود کا ملنا یہ تقاضا ہے خدا سے

رکھنا امید غیر سراسر ہے خطا سے

جس دم خدائے ذوالجلال کرتا ہے ارشاد اس وقت پوری ہوتی ہے تیری جو ہے مراد

جس دم خدا حکم نہ دے کسی انجام پر آتا ہے درمیاں میں کوئی وقوع انسداد

ہدایت ہے سرزنش امیرؑ کے مخالفان کو

منکر ہوئے جو دیں سے نہ مانا قرآن کو

وہ حق ہمارا ہے کہ جس کے تم ہو دعویدار جیسا صحیح علیل سے ہم تم سے ہے نروار

حق کو ہمارے دیکھ کے تم نے کیا انکار جیسا سیاہ سفید سے ہے فرق آشکار

تم پر بیان کرتا ہے قرآں ہمارا شان اللہ ہمارا حاکم و عادل ہے خیر کار

سوال معاویہ خدمت علیؑ ولی کے معاویہ کا ہے سوال

مجھ پر تیرے احسان تو ہم پر نہ کر جدال

کافی تیرے احسان یا علیؑ نہ کر جدال تقدیر الٰہی کبھی نہ رک سکے ہر حال

سوال معاویہ کو علیؑ نے کیا قبول
ہدایت
معافی تجھے میں دیتا ہوں مجھ سے نہ کر عدول

سمجھ گیا اگر تو جو خدا کی ہے تقدیر سجن تیرا بنونگا پھینکدو نگا میں شمشیر
واپس کبھی نہ ہو سکے جو کام گزشتہ کہ چیز شکستہ کا ہونا درست ہے عسیر

پیغام معاویہ خطاب معاویہ کا عمر ابن عاص کو
توبہ تو کر فساد سے پس آ اخلاص کو

عمر تجھے لازم ہے کہ برپا نہ کر فساد قطع نہ کر سخن نہ کر منافق پر عناد

پیغام عمر بن عاص پیغام معاویہ کو عمر ابن عاص کا
تو جنگ کر علیؑ سے عذر کر قصاص کا

تیری صلح علی سے تجھے ہتک ترین ہے تو جنگ کر علیؑ سے تجھے فتح قریں ہے

تیرا سوال علیؑ سے تیرے شان نہیں ہے

ہدایت
برہان و تبیان و فرقان علیؑ ہے
اور عدل و انصاف کا سلطان علیؑ ہے

ہر کام اور سخن علیؑ کا ہے عدل سے کرتا نہیں ہرگز وہ کم و بیش بدل سے

ہدایت
تسلیم با رضا کرو ایمان قضاء پر
ہرگز نہ بے قرار بنو تعب و بلاء پر

دنیا میں صبر کر نہ کسی پر تو ستم کر ہے تجھے ضرور رجو قادر کیا سطر
ہرگز نہ کر مقام جہاں تجھ کو نہیں مفاد ہے ملک بھی فراخ اور رزق وسیع تر

ہدایت
ہوتے ہیں جسکی جاگ سے سرزد عمل خراب
اسکو یہ ہے بہتر کہ وہ پڑا رہے بہ خواب

اس مرد کی بے داری سے بہتر ہے اسکا خواب جس پر نہ خیر لکھتے ہیں کرام کاتبین
عبرت کا ہے مقام زمانے کے انقلاب

ہدایت

ہے راز فاش کرنے سے نقصان کا انجام
پھر اسکو ہٹانے کے لئے ہے نہ کوئی لگام

اس کو نہ بتا راز جو ہے ظرف کمینہ
یہ عیب قرینہ ہے نہ کہ خیر قرینہ
تو اسکو بتا راز جو حلیم طبیعت
محفوظ رہے راز مثل مشک خزینہ

ہدایت

سختی نہ کر کسی پہ تو نرمی سے سخن کر
نہ بہت عداوت تو کر نہ بہت لگن کر

تو بن سدا حلیم نہ دے خلق کو دشنام
دیکھیگا تو سنیگا اپنے کام کا انجام
الفت جو ہے کسی سے کر الفت بہ اعتدال
شاید کہ دشمنی ہے اس سے کسی ایام
اگر کسی سے بغض ہے تو کر بہ اعتدال
تجھے خبر نہیں کہ کبھی اس سے پڑے کام

ہدایت

وہ عین برادر ہے جو تیری کرے امداد
اپنا مفاد چھوڑ کے تیرا کرے مفاد

بھائی وہ تیرا جو ہے تیرے لئے کوشاں
تیرے مفاد کے لئے اپنا کرے نقصان
اگر وہ دیکھ لے کہیں ہوتی تیری ہتک
اپنی خواری کر کے وہ تیرا کرے حفظان

ہدایت

خبر فساد ہر طرف شتاب ہے روان
جاتی ہے پہنچ دور جلد تر وہ از طوفان

یہ دل کی فضیلت خدا کے راہ میں جو احسان
خیرات ریائی جو ہے ایمان کا نقصان
بہت ہیں بلند جو درجات سخاوت
جبل عظیم سے وہ ہے بلند تر مکان
اخبار شرارت کی روانی و دوانی
دریائے طوفانی سے ہے وہ تیز تر روان
محبوب کے حالات سے جو بے خبر ہوا
قطع ہوئے اسباب دوستی نہ پھر امکان
ہرگز نہ کر تو لوگوں میں گلہ بھی کسی کا
غیبت وبال سر تیرے ہوگا تو پشیمان
بے شک جو بات خلق کی کرتی نہیں وہ دیر
کرتی ہے طبیعت کو نرم جلد تر آسان
پیدا کیا خلاق نے لوگوں کو اصل سے
شریف بھی حقیر بھی دو قسم بندگان

صدق و صفا چلا گیا وفا بھی نہیں رہا
نہ دل ثبوت ان کا نہ ہی دل میں کچھ حیا

صدق و وفا چلا گیا شفقت بھی ہوئی عدم — نہ ہی رہا لوگوں میں صبر و شکر نہ شرم
راضی خدا سے ہوکے کر یقین ہے صبر — خدا کے تابعدار پر خدا کا ہے کرم

ہدایت

دشمن پہ اعتماد سمجھ بخت کو زوال
زحمت کو دفع کرنا سمجھ بخت باکمال

دشمن کو پال مت مگر اس کا علاج کر — دشمن کو پالنے سے ہے نقصان سراسر
دو سال اگر تو کرے عقرب کی پرورش — جس دن لگے موقعہ وہ ماریگا تجھے نشتر

ہدایت

تو مشکل و زحمت کے وقت کر صبر ضرور
دفع مشکلات کی کلید ہے صبور

زحمت کے چنبہ میں تو جب نہ ہو صبر سے دور — تو کر صبر ضرور تنگی میں صبر سرور

ہدایت

دولت و مال دنیا کا ہرگز نہ کر جمع
تجھے نہیں خبر کہ اس سے کس کو ہے نفع

ہرگز نہ بن حریص تو دنیا کے مال پر — دنیا کی زندگانی پہ ہرگز نہ کر نظر
دولت و مال دنیا کی ہرگز نہ جمع کر — تو بے خبر ہے کس لئے کیا ہے جمع زر
اپنے وطن یا اور کہیں دور ملک میں — تجھے نہیں خبر کہاں بنے تیری قبر
بے شک جو رزق ہے خدا نے کر دیا تحریر — حصول رزق کے لئے ہمت کا نیں اثر
طمع جو کرتا ہے وہ ہے محتاج در بہ در — شاکر جو ہے فاخر ہے وہ اگر غریب تر

ہدایت

دنیا کی تعمیرات کا انجام خرابات
دنیا کے خزانے جو ہیں آخر ہیں خسارات

ہر چیز نئی ہوگی ایک دن وہ پرانی — دنیا کے جو لذات ہیں آخر کو ہیں فانی
الفت کے جوڑ دنیا میں ہیں کونسے ایسے — جن پر نہ آ چکا ہو فراق طوفانی

وہ کون سے ایسے ہوئے تھے نظام کے | جن کو قطع نہ کیا ہو آفات زمانی
وہ چیز کہ جن سے حصولِ لذت و نفع | رہتی نہ سدا ساتھ یہ ہوتی ہے روانی
اے سختی زمانے کی تو ایسی ہے خطرناک | زیروں سے بھرا تیرا مزاج اے رانی
دنیا کے زوالات پہ کافی ہیں مثالات | کافی ہیں روایات یہ فساد کی بانی

ہدایت

ہرگز نہ ہو تو مست کسی وقت در ہوس
شہوت بہ حبس کن چنانکہ طیر در قفس

آفات پہ آفات یہ بھی ایک ہے دلیل | کیا نہ ترک تو نے ابھی تک برا سبیل
دنیا کے حادثات ہیں تیرے لئے عبرت | ہوتا ہے قطع کھیت ہر اک جو چیز بھی تبدیل

ہدایت

فاقوں ہیں شکر کر یہ عمل خیر امیری
قادر جو شاکر ہے اس کا شان ضمیری

فاقہ تو کر فاقہ جو ہے تقوہ کا خزینہ | فاقہ کشان ہوئینگے با خضر قرینہ
چھوٹے گناہوں سے بھی کیا کر تو اجتناب | ہوگا میزان خوردوں کا تو جان یقینہ

ہدایت

مجھے نہیں بھروسہ اپنے نیک عمل کا
میں ہوں امیدوار فقط ذات ازل کا

اگر فکر کروں تو گناہ میرے بے حساب | پر شب سے وسیع تر تیر رحمتِ وھاب
اپنے جو نیک عملوں کا مجھے نہ کوئی فخر | لیکن خدا کے رحم و کرم پر ہیں مستطاب
رحمت کرے تواب تو حالت بنے صواب | اگر کرے عتاب تو ہرگز نہ کوئی جواب
ربا تو شہنشاہ میرا یا حافظا و الٰہ | عاجز تیرا بندہ کرے زاری سنو جناب

ہدایت

شکر کرو کہ شکر سعادت کی ہے دلیل
تسکین قلب اور عبادت کی ہے سبیل

اللہ کی کل صفات وہ ہے واسع العطاء | حَمِیدٌ وَحَفِیظٌ هُوَ دَافِعُ الْبَلَاءِ
حسب تیرے احکام کے ہوتے ہیں سرانجام | سنتا تو ہر مقام ہر اک چیز کی ندا

عمرانؑ کا فرماں بہ پسرِ خویش بہ تفنن

ہدایت
صبور بن ہمیشہ کر تو ساتھ مصطفٰی

لازم تجھے صبر سے صبر از بلند عقل
ہر ایک نفس کے لیے مکتوب ہے اجل

تجھکو فدا ہیں کر دیا بلاء عظیم میں
بر نصرتِ نبیؐ کہ جس کا باپ بھی افضل

فدا تو اس پہ ہو کہ جسکی ذات ہے بلند
القاسم الفیاض نبیؐ احمدؐ مرسلؐ

ماریںگے تیز تیر تجھے لشکرِ کثیر
پر تجھ پہ بے اثیر کر یقین مکمل

ہر جاں تمنّا کرتی ہے زندہ رہوں سدا
مگر بہت قلیل زندگی کا ما حصل

ہدایت
حیدرؑ نے سر جھکا کے کہا میرا باجان
کرتا ہوں میں قبول ہے بجا تیرا فرمان

بجا تیرا امر مجھے با نصرتِ احمدؐ
واللہ مجھی غفلت نہ کی جس پر تیرا التعھد

سدا تو دیکھیگا مجھے با خدمت رسولؐ
سدا میں تیرا تابع ہوں یا والدم امجد

نصرت نبیؐ رضائے الٰہی میرا مقصد
ازل سے تا ابد ہوا رسول محمدؐ

ہدایت
یارب تو زندہ کر مجھے احمدؐ کے دین پر
تیرا مجھے تقوہ میں ہوں کامل یقین پر

تیری بلند شان تو فیاضّ ہے اعظم
دیتا تو ہے لے سکتا بھی تو قادر الاحکم

خلاق و بادشاہ تو میرے لئے پناہ
کروں تجھے پکار در سکون و در الم

اگر جو میرے جرم کبیر و کثیر ہیں
مگر ہے بے حساب و سیع تر تیرا کرم

یارب اگر با نوں میں اپنے نفس کا سوال
تا زندگی تمام رہوں گا سدا ندم

خالق تو جانتا ہے میری غربت و فاقہ
پر دل میں تیری یاد تیری ذات ہے اعلم

خالق نہ قطع کر میری امید و غرض دل
رحمت تیری سے دل کو میرے غرض دمبدم

مالک بچا مجھے تو جہنّم عذاب سے
تجھے کرے فریاد غریب و اسیرِ غم

یارب تو دے تلقین دوں سوال پر جواب
بستر میرا بنے مکانِ قبر میں جسم

میرا تو امتحاں کرے اگر ہزار سال ۔۔۔ تجھ سے کبھی نہ توڑوں گا امید کا نظم
یارب تو معاف کر مجھے میدان حشر میں ۔۔۔ فائدہ نہ دے سکینگے وال اولاد و زر رقم
یارب نہ جب تیرا فضل تو میں ہوں دو خجل ۔۔۔ جب مجھ پہ تیرا ہو فضل مجھے نہ کوئی سقم
واہب نہ کیا معاف تو گر اہل خطا کو ۔۔۔ ہے کون جو اُن پر کرے سوا تیرے رحم
اللہ میرا اگر نہ ہو تو وہ میرا کامل ۔۔۔ پر فیض و کرم تیرے پہ میرا سلسلہ چشم
میرے گناہ مثل جبل یا فوق جبل ہیں ۔۔۔ پر میرے جرم سے تیرے بلند تر کرم
اگر بے علم اور خطا کار ہوں مگر ۔۔۔ سدا تیرے کرم کا طلبگار یا ارحم
رازق جو تیری یاد ہے یہ درد کو سکون ۔۔۔ کروں خطا کو یاد تو اچھل پڑے چشم
لغزش پہ پردہ پا کے میرے جرم مٹا دے ۔۔۔ روتا ہوں خوف حشر سے ہوا مجھے الم
دے مجھکو اپنے وصل کا شراب یا وہاب ۔۔۔ فضل کا باب تیرا چھوڑ کر نہ جاؤں قدم
خلاقِ کل عالم اگر تو مجھ سے ہوا دور ۔۔۔ تیرے سوا ہے کون امیدوں کو دے بھرم
اگر نکالا تو مجھے اپنے مکان سے ۔۔۔ نہ زور نہ تدبیر چہ کُنم کجا دَوُم
تیرا جو ہے حبدار وہ ہر شب کرے اذکار ۔۔۔ کرتا جو نیں اذکار وہ غافل ہے بے شرم
ساکن تیری کائنات کے تیرے امیدوار ۔۔۔ تیرے کرم عظیم سے چاہتے ہیں وہ اِرَم
یارب تیرے کرم سے ہے میرے لئے سلام ۔۔۔ ورنہ جو یاد جرم کروں بڑھتا ہے زخم
تونے کیا گر معاف تو ہوگی میری نجات ۔۔۔ ورنہ میں اپنے جرم کے سبب سے ہوں ملزم
نبیؐ وآل نبیؐ کے طفیل میں بخش ۔۔۔ اور عزت ابرار جو خائف تیرے دمدم
کر دین نبیؐ پر میرا قبر سے تو نشر ۔۔۔ تقوہ خلوص پر کروں تیرے لئے سر خم
رزاق یا سلام تو مجھ پر نہ کر حرام ۔۔۔ کہ روز قیامت کو شفاعت نبیؐ صلعم
یارب درود بھیج محمد کی ذات پر ۔۔۔ جب تک ہے تیری یاد تیری یاد لاختم

وزیر محمد کے ہیں کلمات ہدایات
ارشاد مفیدہ کہ جن پہ ہے یقین نجات

اپنے لئے تیار کر سفر کا توسامان — یہاں تو ہے مہمان تو ہوگا صبح روان

سفر پہ ہو تیار تیرا وقت ہے قریب — ہے پھر خطر سفر جو دور تر ز آسمان

تو وہ بھی سفر زاد بھی کر خوف الٰہی — ہے موت جلد خواب سے تیرا ہے کیا گمان

دل سے مٹا کے حرص کر تو راج امیری — قادر کا ہو شاکر نہیں سر او وہ پریشان

صحبت مکین گمان سے تو اجتناب کر — الفت صفا نہ انکی فقط یار با زبان

جبتک رہے طمع تو وہ بنتے ہیں تیرے یار — جب دینے سے رکا تو وہ تیرے زہر نوشان

ہرگز نہ فاش کر تو اپنا راز کسی پر — تیرے تمام رازوں کو وہ کریگا عیان

جیسا تجھے بتاتا ہے وہ راز لوگوں کا — ایسا ہی تیرا راز کرے غیروں پہ عیان

کر اسکی حفاظت جو تجھے راز بتائے — بھائی کے عیب و نقص کسی پر نہ کر بیان

ہر مجلس و ہر حال میں جبتک نہ ہو سوال — ہرگز نہ کر مقال وگرنہ خلاف شان

او پر جواب خاموش کے ہوتا ہے نیک ظن — اگر ہو علم و عقل سے نااہل وہ جوان

طعنہ زدی نہ کر تو ورنہ اس کا ہو انجام — زخم تجھے کریگا وہ زباں سے بے درمان

ہمسایہ کے حقوق حفظ کر نہ کر تلف — کرے جو حق تلف نہ وہ قابل قدر احسان

کر خدمت مہمان وہ ہوگا خبر رسان — بخیل ہے فلان اور سخی ہے فلان

دنیا کے حادثات پہ نہ ہو تو پریشان — ہوتا جو پریشان ہے وہ مرد ہے نادان

نہ کر تو فراموش وصیت جو باپ کی ہدایت — بے شک جو تابع باپ کا پاتا نہیں زیان

اغثم کو بار اس لئے جناب علیؑ نے
فرمان نبیؐ کا کیا انکار شقی نے

اغثم کو بار ادنیا نے دنیا پہ تھا غرور — گرا زمین پر مثال صرع کے با ثور

کرتا تھا بہت شور اپنے زور و داب کا — پھر تیغ بر نہ کر سکا دماغ پر فتور

دریا میں اسکو بار بلندی سے پھینک کر — کسی بھی روز جنگ میں ہرگز نہ تھا صبور

ہے کون جو منکر ہو میرے فضل و شان کا — بندہ ہوں میں خدا کا اور اسکا ہوں مشکور

ہدایت

علیؑ کے کوئی نہ ہو سکا ہم سر جہان سے
طاقت جناب امیرؑ کی برتر جہان سے

کثرت آب و بار سے ٹوٹے نہ کبھی سنگ — طامع جو زر کا اسکا نہ ثابت ہے پاؤں چنگ
علیؑ ہے بو سبطین اور وارث کونین — غالب ہے کل عدو پہ وہ ہر ایک روز جنگ

ہدایت

احوال مومنین سے علیؑ کو ہے شناس
مومن پہ صدمہ آنے سے علیؑ کو ہے احساس

ربیع کے قتل ہونے پہ کرتا ہوں میں اربان — جو تبع الرحمٰن تھا وہ کامل الایمان
سنا ہے میں نے اسکے ساتھ جنگ ہوا تھا — قتل کا واقعہ ہوا بازار کے میان
نہ اسکا کوئی قصور تھا نہ اسکی شرارت — کیا نہ بد عمل کبھی جو کام نہ شایان
تھا اسکا خواندان معزز قدیم سے — کرتا تھا کار خیر خدا سے اجر ستان
مرہ کا قبیلہ تھا سرا جھوٹ کا عادی — مردہ آواز اور تھے کمزور در میدان
مانند بنی خفیعہ کے نہ انکے تھے آواز — نامی خفیع حکیم کیا یہ وقوع بیان
مومن کا قتل فاش کرانے میں بلی شان — وہ سچ خبر کے دینے سے ہوا بلند شان

ہدایت

ہر گز نہ ہو مقصود گر دنیا کا اکتساب
یہ سچ سراب ہے سود ہے دنیا پہ التقاب

میں دیکھتا ہوں مالدار و درہم دینار — گر کر شمار ہاتھ میں خالی اخیر بار

ہدایت

ہر گز نہ بے امید ہو خدا کے کرم سے
سفر ہے پر خطر تو بچ سفر کے الم سے

نہ ہو تو بے امید کر گر گناہ تیرے کثیر — اللہ مہربان اور سمیع البصیر
ہر گز نہ ہو روان بے سامان سفر پر — ہے سخت سفر دور تر عسیر تر عسیر

ہدایت
کثرت تیرے گناہ سے ہوئی سیاہ تیری کتاب
گناہ سے اجتناب کر نیکی کا اقتراب

کر کر گناہ جو حدوں سے بھی آگے بڑھ گیا — پھر نیک بنا بچ کے رہا جرم نہ کیا
چاہیے اسے یقین کرے خدا کے حکم پر — کر ترک جرم بخش دوں خدا نے کہہ دیا

ہدایت
انسان کامل ہوتا ہے کرنے احسان سے
لیتا نہیں بدلہ کبھی اپنے عدوان سے (دشمن)

اگر تجھے ہے شوق بنوں میں اشراف سے — لوگوں سے نیکی اور کام کر انصاف سے
اگر تجھ پہ کوئی ستم کرے نہ لے تو انتقام — بدلہ ستم کا دے گا زمن کے اصراف سے

ہدایت
ہرگز نہ بن بخیل سراسر یہ حقارت
کر کام سخاوت کہ یہ کامل ہے شرافت

دنیا بخل میں مت کرو آتی رہے دولت — دولت خیرات کرنے سے ہوتی نہ خسارت
ہو دستیاب مال تجھے کر تو سخاوت — مرنے کے بعد تیرے ہوگا ذکر سعادت

ہدایت
راضی رضا خدا سے ہو ہر ایک کام پر
خدا سے اتفاق کر تو ہر مقام پر

نکل گیا جو ہاتھ سے مجھکو نہیں ارمان — مجھکو نہیں افسوس کہ جو کچھ بھی ہو نقصان
ہے غفور نے کیا جو ہے مقدور — مجھکو ملے ضرور وہ غیروں کو نہیں روان
غیروں کا جو نصیب وہ میرے نہیں نصیب — مجھے کبھی نہ مل سکے کتنا کروں ترلان
عزت ہے خلاق کی اس کا نہ کوئی شریک — میری نہ کوئی عزت نہ کوئی طاقت نہ کوئی شان
حسن یا محسن ہوں میں راضی ہوں خدا کے ساتھ — ہوا نہیں ذلیل کبھی نہ کچھ بد زبان

ہدایت
اکثر جو عقلمند ہیں روزی ان پہ ہے دشوار
اکثر جو بےعقول مگر ہیں وہ مالدار

اکثر جو ذی شعور مصیبت پہ ہیں صبور — نیکوں سا ہے دستور مگر رزق ان سے دور
اکثر ہیں کم دماغ جو کھاتے ہیں با فراغ — جیسا کہ آب ہاتھ سے پیتے ہیں باوفور

ہدایت

بہتر ہے موت دیتی ہے زندان سے امان
لیجاتی ہے زمین سے بہ ذروۂ آسمان

یہ موت ہمارے لئے خدا کا ہے احسان — بہتر ہے والدین سے یہ موت مہربان
کرتی ہے دور دکھوں سے اور غموں سے آزاد — لیجاتی ہے اس دار میں جو دار ہے امان

ہدایت

ہیں ذات بے مثال کے صفات بہ کمال
سرمد ازل ابد ہے لم یزل ولا یزال

یا خالق و مالک ہمارے دل کا یہ عرفان — ہے ذات ہمیشہ تیری بر حق کثیر شان
اس وقت تو موجود جب کہ شمس تھا مفقود — اندھیر تھا ممدود بر آفاق و بر جہان
پیدا کیا تو ہم کو قبل اتمام خلق — ہر ایک چیز کا نہ تھا نشان نہ گمان
تیری جو کوئی بناتا ہے مثال یا اشکال — ہوگا نہیں عاجز و ذلیل و پریشان
قدرت کی موج کرتی ہے اطراف میں جب اوج — کرتی ہے رواں باد کو بہ حرکت فیضان
اس کا نہ بن سجن جو ہے اسلام کا دشمن — ہے دین پہ بد ظن وہ ہے بدبخت وہ نادان
اس کا نہیں ہے یار جو ہے عاشق ستار — اس کا ہے مددگار سدا حضرت رحمان
سالک جو ہدایت کا وہ زمیں کا ستارا — جمیل بر سما ہوا المعروف در زمان

ہدایت
عمر بن معدی کو خطاب

وزیر محمدؐ کا ہے خطاب عمر کو
میرے جو مقابل اسے بھیجوں میں سقر کو

اے عمر اب گرم ہوا میدان میں قتال — دوزخ بھی سلگتا ہے آج تجھ پہ ہے وبال
اب مرد دلاور تجھے پلائے موت جام — وہ جام گویا سانپ سخت زہر کا زلال
ہوجا فرار بچ تو میرے سخت چنبہ سے — ورنہ جو وقت آج کا کل کو ہے شمال
عزت بچاتا ہوں میں اپنے دوستان کی — دیتا ہے عزت و ذلت خلاق ذوالجلال

میں راہ دیکھاتا ہوں طرف سبیل الٰہی
وحی کے ساتھ اللہ سے قرآن کا نزول
طرف ہمارے بھیجا ہے خدا نے نبیؐ کو
ہدایت

میں دین کے اصول بتاتا ہوں باکمال
خالق جو چاہا ہے کرتا ہے نقصان و خیر حال
تا روز قیامت ہے جس کا علم لایزال

علیؑ صدیق صادق اصدق زبان ہے
مُصدِّقِ قرآن علیؑ کا بیان ہے

میں عارف و عادل ہوں میں حقیقت عرفان
قرآن بھی صادق ہے محمدؐ بھی ہے صادق
پڑھتے جو مومنین ہیں قرآن کے آیات
احمدؐ ہمارے سر پہ عزیز الکریم ہے
اے اہل جہالت کیا ہے تم نے حق پہ شک
ڈرتے نہ تم عذاب سے جو عنقریب ہے
خنجر ہمارے تم کو ابھی زیر کرینگے
دیکھا ہے جب قہار نے بدکار کعب کو
پس دے دیا خدا نے حکم اپنے نبیؐ کو
پس کر دیا روان محمدؐ نے اک جوان
رونے لگی قوم کفر بلند آواز سے
کی عرض قوم کفر نے بخدمت رسولؐ
کیا نہ رد سوال ان کا معاف کر دیا
دیا حکم نظیر قبیلہ نہ رہے یاں
جنگل میں دیا بھیج بہ حفاظت تمام
ہدایت

یقین ہے کامل میرا حق سے نہیں گردان
رحمت وہ بن کے آیا ہے خدا سے ہے سلطان
احمدؐ مصطفیٰ کے ہاں صفات ہیں بیان
سلطان دو جہان ہے بلند اس کا شان
حالانکہ وہ کریم ہے نہ ظالم و عدوان
اس پر نہ ہوگا خوف دیگا جسکو رب امان
جیسا گرایا کعب کو ہیں حال کے میدان
کہ پر غضب مثال مست شتر وہ شیطان
موذی کو قتل کرکے جہنم کرو روان
پس کر دیا بتران سے اس موذی کو بریان
جب کعب کے مرنے کی خبر سنی ناگہان
کعبی پہ رونے کے لئے ہم کو تو دے فرمان
ہوگئی تھی قوم کفر کی ذلیل و پریشان
رہتے تھے جن مکانوں میں وہ زادے تھے مکان
ہوگئے سوار اونٹوں پہ جن پر نہ تھے پلان

ہوا فرار جنگ سے غطریف بن جشم

اصل سے بے اصیل بے حیا و بے شرم

مجھے بہت افسوس ہے بحالت غطریف — مالک تھا نخل و کھیت کا اور جنگ کا حریف
لگی خفیف ضرب ہوا جنگ سے فرار — تھا وہ بھی بدظریف اسکا جد بھی ناشریف

ہدایت
آب و ہوا ہے خوب کوفہ کے اطراف کی
چلتی ہے نہر بیچ میں جو آب صاف کی

بہتر زمین کوفہ جسکی عجب نہر ہے — اس پاک زمیں پر ہماری اُنس نظر ہے
چرتی ہے گھاس اس پہ فوج شتر ہماری — باد نسیم صبح کی نشاط اثر ہے

ہدایت
ہر کام و ہر مقام توکل بہ خدا کر
تو وہ بہ خدا کر کے اندیشہ نہ ذرا کر

خلقت سے بے نیاز ہو خدا کا ہو عاشق — کاذب سے دور ہو کے بنا یار تو صادق
خدا کے فضل و کرم سے تو رزق طلب کر — ہرگز نہ غیر اللہ کے مخلوق کا رازق
جس کا ہو یہ گمان کہ ہے رزق میرے ہاتھ — اس کا نہ کوئی ایمان نہ رحمان سے واثق
کہے جو مجھے رزق ہے مخلوق سے حاصل — دونو قدم سے گر گیا اور ہو گیا فاسق

ہدایت
ہے مال و اقتدار کا حاصل نہ عقل سے
بلکہ خدا کے حکم سے اور اس کے فضل سے

تدبیر و عقل سے ہوتے حاصل اگر املاک — بندہ کے قبضہ میں ہوتے زمین بھی افلاک
جسکی مکر سے شاہی ہوگی اسکی تباہی — تقدیر ہما و تدبیریں ہے فرق نور و خاک

ہدایت
راضی بہ رضا و قضائے کردگار سے
کر شکر تو خدا کے فضل بے شمار سے

جو کچھ خدا نے دے دیا اس پر میں ہوں راضی — ہر کام اسکو سونپا ہے بہتر ہے وہ قاضی
ایام گزشتہ میں خدا نے کیا احسان — فردا ازمن بھی ہوویگی خدا کی فیاضی

ہدایت   دنیا کے مال و ملک پہ ہے علم کا کمال

ہے علم کو بقا نصیب مال کو زوال

ہر وقت میرا علم میرے ساتھ ہر محل

ہے دل میں وہ، محفوظ نہ صندوق کی مثل

اگر رہوں مکاں میں تب بھی علم میرے ساتھ

اگر چلوں بازار تب بھی میرے مشتمل

ہدایت   کر یاد تو عیش بیان قرآن کا

ہوتا ہے جلد فانی مکین مکان کا

ہوں دیکھتا میں دنیا کو وہ جلد ہے رواں

کسا ہوا لنگوٹ صبح شام ہے رواں

دنیا نہیں مکان کسی زندہ کے لئے

دنیا میں زندہ رہنے کا ہرگز نہیں امکان

ہدایت   دنیا کا گھر خراب ہے بلاؤں کا سبب ہے

ہے غم و ندامت کا اور عناء کا سبب ہے

کرتا ہوں ناپسند مال و ملک کے اسباب

غموں کا ہے وبال یہ دنیا بہت خراب

دنیا کے رنج و غم سے لحظہ نہ اک فراغ

رعیت کو نہیں آرام نہ بے چین ہے نواب

ہدایت   الفت کے دعویدار فقط حد سخن میں

صدیق دل رفیق ہے نایاب زمن میں

سفر کیا زمن میں کیا میں نے اک تحقیق

پوچھا میں ہر اک صاحب سے کوئی دل کا ہے رفیق

ان سے ملا جواب دو عزیز ہیں نایاب

اک بَیضَۃُ الاَنُوق دیگر اَصْدَقُ الصَّدِیق ۲

ہدایت   الفت کے مدعیان صرف حد سخن سے

غیروں سے موافق و منافق ہیں سجن سے

افسوس فی زمان کے لوگوں کا جو طریق

ادب سے بے نصیب اور دل سے بے تعلیق

جو بھی ملا رفیق کیا اس نے دل حریق

جو بھی ملا سجن نہ اس کا سخن بہ تحقیق

ہدایت   خطاب بن بریدہ کو جو خاص یار تھا

۲ بہت [illegible]

سابق جہاد و جنگ میں وہ نابرار تھا

ایسا نہ کوئی صدیق جو کامل بہ صداقت — کرے وہ کسی روا لوگوں کی حاجت
حاجت روائی کو وہ کمر باندھ کر چلے — دربان و دربند سے کرے نہ مخافت
ہرگز نہ جھوٹ بول کیونکہ جب سے بنی خلق — سچ اور خلق دیکھ کے کرتے ہیں وہ خدمت

ہدایت
جنگ بدر کی یاد ہے طوفان کی لہر
احباب کی فرقت سے ہوا آنچ میں جگر

مارے گئے بدر میں ہمارے سجن عزیز — بعد اس کے ہماری جو زندگی وہ ناپذیر

ہدایت
خطاب پر عتاب ہے حازم کے پسر کو
کر نوش زہر آب کو پھر چل تو سقر کو

کر نوش اچھلتا ہوا کاسہ حمیم کا — ابلا ہوا تیزاب ہر کب سمیم کا
ہم ایسے مرد ہیں جو کرے ہم سے مزاحمت — سر پاؤں کاٹ کر پلاؤں جل جہیم کا

ہدایت
بیان کیا علیؑ نے اپنا عقل و فراست
جو بھی کہا انجام صداقت و صداقت

سکتا ہوں دیکھ جنگ اور امن کے ایام — ہے عہد ان کا خام اور میثاق ناتمام
گئے ٹوٹ دونوں طرف سے لنگر جہاز کے — اور اس کے ریسمان بھی ہیں ناقص و ناکام

ہدایت
مسجد دمشق میں جو معاویہ نے کی تعمیر
مسجد تو بھی بلند مگر ریا سے ہے تعبیر

سنا ہے تو بناتا ہے مسجد خراج سے — حالانکہ تو خلاف خدا کے نہاج سے
جیسا انار صدقہ میں دیتی ہے زانیہ — غبن سے جو خیرات بن گیا رواج سے
نیکوں نے اس عورت کو کہا تجھ پہ ہو لعنت — مت کر زنا تو باز آ صدقہ کی لالچ سے

ہدایت
ہے قاصر و عاجز بشر کی عقل و بصیرت
محدود کیسے کر سکے خالق کی حقیقت

عاجز ہے جو ہے ادراکِ خدا سے وہ ہے باصر

کائنات عقول و تدابیر میں ہیں راز

جو ہے سرّ الٰہی میں کرے بحث وہ کافر

طالب جو ہے خدا کا خدا اس کا ہے ہادی

جن و ملک انسانِ ذوالعقل سے ہیں قاصر

عاشق جو ہے خدا کا خدا اس کا ہے ناصر

ہدایت جسکو امید کامل خلاق ذات پر

اس پر بھی ہے خدا کی نظر ہر آفات پر

تقوہ نو رکھ خدا پہ غیر اس کے کل فنا

ناصر تیرا خلاق اگر تجھ پہ ہو بلاء

ہدایت کسی کے لیے کوئی بھی کرتا جو ہے تحریر

کاتب پہ مکتوب ہے خیر و شر کی جو تاثیر

لکھا جو تو نے کسی پر وہ تیرا ہے نصاب

تحریر کر صواب وہ تیری طرف شتاب

ہدایت منع کیا جناب نے محنت حرام سے

ثمرہ جو ہے حرام کا ہے بد انجام سے

جسکی نہ نیت صاف ہو دستو عمل میں

اسکی ہو جد جہد ہے انجام خجل میں

کہ اسکو جسکا حال حرص پر ہے پریشان

حرکت نہ کرے جانہ ہو ہلاک اصل میں

ہدایت خیبر والے میداں میں جب وارد ہوا حیدرؑ

کرتا ہے سوالات پیش خالق اکبر

یارب تیرا محتاج ہوں نہ غیر کا تیرے

مجھے قبول ہے تیری رضا خدا میرے

ہیں آج تجھ سے مانگا جو ایوبؑ نے مانگا

پائے تھے جب ایوبؑ پہ آفات نے گھیرے

جب ہو گا تیرے حکم سے میرا اخیر وقت

بخشیں توفیق اپنا رہوں آپ کے پیڑے

ہدایت تعریف باکمال ہے لشکر امیرؑ کی

ثابت قدم خلوص شجاعت کثیر کی

جب لشکر امیرؑ پہ ہو تیر گول کی باران

کر تربیت ہے سیفوں کو اس حال میں عریان

ہ عروۃ الوثقیٰ میں جن کے بدن میں ملبوس — زرہ یہی ہے ان کی اگر کوئی ہو میدان

ہدایت
دنیا اگر کسی سے وفا کر کے دیکھائے
پر موت کے پنجہ سے وہ ہرگز نہ چھڑائے

اگر تجھے بہت ملے دنیا کا خزانہ — مگر نہ یہ امکاں کہ کبھی موت نہ آنا
دنیا پہ اعتماد کہاں تک تجھے مفاد — دنیا ہے بے بنیاد مثل سایہ روا نہ

ہدایت
دمبدم تو انتظار کریں وقت اجل کی
دنیا سے ہو کے دور رکھ امید اصل کی

سینہ تو بنا سخت کہ آنا ہے موت وقت — نہ کر تو دل کو پست موت گر ہے شہر گشت
کرتے نہ خود و زرہ میں مرنے سے حفاظت — دنیا سے تو ہے پست ہنرنداں کریگی بست
چند ایسی ہیں اقوام جو بہ غربت مدام — نیکی پہ تیز گام ہیں کرتے نہ عمل زشت

ہدایت
عورت کی مثل بن کے دنیا پیش آتی ہے
کہ ساز و ناز کر کے وہ جادو چلاتی ہے

ہوا جو مست دنیا سے وہ ہو گیا خراب — دنیا کے جو فوائد وہ زحمت کے ارتکاب
دنیا مثال زال کے آئی زمان میں — بار و سنگار پہن کے کرتی ہے التہاب
میں نے کہا اے دنیا کسی اور کو پھنسا — تیرے کوائف مکر جانتا ہوں بالصواب
بالفرض اگر ہم کو ملیں لعل و خزانے — ملکوں کے راج اور جو قارون کے اسباب
مجھے نہیں حسرت اگر پایا نہ تاج و راج — رنگوں میں رہے فقر سے رسالت مآب ص
بالفرض اگر ہم کو ملیں لعل و خزانے — ملکوں کے راج اور جو قارون کے اسباب
اگر ہو یہ تمام مگر ہے فنا انجام — دولت کے انتظام سے نہ اس کا سدّ باب
غیروں کو کر تو مست نہیں تیرا نہیں پرست — اگر ہو تاج تخت اے دنیا تیرا شراب
کر دوں شکر ادا جو خدا نے مجھے عطا — دنیا کے جو طلاب ہیں ان پر ہوا عتاب

حشر میں مجھے خوف ہے خدا کے لقا سے
مرتا ہوں اس عذاب سے جو ہے سزا عذاب

ہدایت
دنیا مثال سایہ کے جسکی نہیں بنیاد
یا شب قیام کردن و رفتن ز بامداد

دنیا مثال سایہ کے جلدی عدم نشان
یا شب قیام کر کے صبح کو ہوا روان
یا ہے مثال دنیا کی دیکھے جو خواب میں
یا مثل تخیّل یا مثل برق ہے تابان

ہدایت
اے عبدِ خدا جاگ تو غفلت کے خواب سے
کر یاد اپنی منزل و سنبھل شتاب سے

اے وہ کہ جسکو ہو گیا دنیا کا شغل ہے
دنیا کو سمجھ لیا یہ مقصود اصل ہے
حالانکہ موت آتی ہے بوقتِ ناگہاں
حالانکہ جو قبر ہے وہ مقصود اوّل ہے
بالکل ہی تو غافل رہا زندگی تمام بھر
یاں تک کہ تیرا آ گیا اب وقت اجل ہے

ہدایت
بہتر نہ حال اس کا جو طالب ہے مال کا
جس مال پر ہے لازم آنا زوال کا

کر یہ فکر کہ جب تجھے دنیا کا ہو اقبال
ہر حال اور مال کے آتا بھی ہے زوال
دولت کا طلبگار تو دولت نہ پائدار
جیسا کہ شبستان میں تغیّر کی ہے مثال
کرتا ہوں ایک روز کی روزی پہ قناعت
کروں نہ تمنّا کہ جمع ہو کثیر مال

ہدایت
مرتا ہے جب انسان تو دولت نہ اسکی یار
عبث خیال اس کا جو دولت کا جمعدار

دنیا اگر تجھے لگے بہتر نفیس تر
مگر خدا کی حُب جو افضل قدیس تر
مقسوم و مقدّر ازل سے ہو چکی معاش
عاری جو حرص سے وہ خدا کو انیس تر
پیدا ہوا ہر ایک بدن موت کے لئے
گویا جو ہلاکِ تیغ سے ہوا ایسر
ہر ایک نے مرنا ہے جبکہ چھوڑ کے دولت
جو مال بخل میں رہا وہ بدنصیب تر

ہدایت
کر عزم مصمّم جو تو دنیا کو ترک کر

محتاج ہے دنیا تیری پھر تجھ کو کیا فکر

دنیا سے ہوں واقف میں اسکے داب چال سے ۔ ہیں بے نیاز شرب نفی و حلال سے
دنیا نے خشک ر[illegible] میرے پیش کردیا عاجز ہی میں دور ہوا اس کے مال سے

ہدایت
تھوڑی سی زندگی تیری اسکو نہ کر تباہ
یہ وقت تیرا بخت غنیمت سے کر نگاہ

بشر کرے بسر اگر عمر ہو ساٹھ سال آدھی عمر تو کر چکی خوابوں میں انتقال
پھر بیس سے جو نصف وہ بچپن میں گزاری بچپن میں نیں خبر کہ کہاں جنوب و کہاں شمال
پھر نصف اس بقایہ سے حرص و طمع میں گئی گھر کے تفکرات کبھی روزی کبھی اشغال
باقی عمر گزرتی ہے امراض و شیب میں پھر فکر ہے سفر کا جو ہے موت کا وبال
خواہش عمر درازی پہ ہے سخت بہ حالت اسراف زندگی کی یہ تقسیم بالمثال

ہدایت
ہے جانتا انسان کہ زندگی بہت قلیل
مگر امید دنیا کی اسے بے حد طویل

عمر تیری گزر گئی گناہ ہوئے حاصل طالب تو ہے لذات کا اور حق سے تو غافل
یہ حسرت و فریب ہے دنیا کی جو ہستی زندگی تیری محال ہے مطلب تیرا باطل
سفر کا کر سامان عنقریب تو رواں جلدی تو کر ہر آن بے شک موت ہے نازل
دنیا ہے راہ سفر کا سواروں کا ہے مقام شب کو آرام کر کے صبح ہوتے ہیں راحل

ہدایت
جو شخص کسی قوم کا سردار ہوتا ہے
اس قوم کی حالت کا ذمہ وار ہوتا ہے

ہرگز نہ کر تو اپنے دبلاپن کی شکایت کرتے ہیں ذبح فربے کو دبلے پہ رعایت
بنا تو اپنے دل میں تواضع کے مقامات بے شک تواضع کرنا یہ ہے شرف نہایت
اگر بنے حاکم تو کسی قوم پہ لحظہ بھی پھر سوال ہوگا ان سے روز قیامت

گر آج اٹھاتا ہے کسی کا تو جنازہ — کل کو تجھے بھی لے چلیں کر یاد روایت

تیری جو قبر پر لگا ہے نقش نگاری — شاید کہ تو باندھا ہوا بہ طوقِ زحامت

فائدہ نہیں میت کو اگر قبر پہ زینات — اور اس پہ ہو عذاب کی قبر میں حرارت

دنیا کے ملک و چمن کا ہرگز نہ کر تو ناز — سدا نہ چین و چمن ہے سدا نہ حکومت

ہدایت

جابر پسر عبداللہ کو حیدرؑ کی ہدایت
بہ رحم و کرم لطف و عطف فیض و عنایت

کیسی ہے خوب دنیا اور اس کا جو اقبال — زردار تابع للّٰہ ہو یہ ہے بڑا کمال

کرتا نہیں خیرات جو لوگوں پہ مال سے — گویا کہ اپنے بخت پہ لاتا ہے وہ زوال

جابر تو اپنے بخت پہ آنے نہ دے زوال — دے اسکو اپنے مال سے کرتا جو ہے سوال

مالک جو عرش و فرش کا ہے واسع العطا — دیتا ہے ایک دانہ کے ہزار ہا مثال

اکثر جو میں نے دیکھے ہیں دنیا کے مالدار — کیا شکر للّٰہ ملے جب انہیں اموال

مغرور ہو گئے سبب کثیر مال کے — دولت کو کیا بند لاکے بغل کے اقفال

کرتے اگر وہ شکر عطیات خدا پر — دیدیتا خدا ان کو صلہ شکر کے افضال

کروگے شکر تم تو زیادہ میں دوں اموال — لیکن بہ سبب کفر کے آجاتا ہے وبال

ہدایت

احوال و حکایات سلاطین گزشتہ
باموج و افواج تھے مگر اب خاک سر گشتہ

رہتے تھے سر جبال بہ حفاظتِ تمام — قلعوں میں وہ جری تھے مگر اب ہوئے ناکام

بعد از ایام امن وہ قلعوں سے آئے اُتر — آگئے قبور میں یا پڑے بے دفن مقام

کسی نے جاکے ان سے پوچھا بعد دفن کے — کہاں ہیں تاج و راج کہاں لباس احتشام

وہ صورتیں کہاں جو جلالت میں رہتی تھیں — جن کی حفاظت کے لئے بنائے تھے خیام

دیا جواب قبر نے: ان کے سوال پر — یہ سانپ انکو کھاتے ہیں چہرے جو تھے گلفام

کافی اونہونے کیا تھا دنیا ہیں خورد و نوش
کھاتے رہے دنیا ہیں اب بنے ہیں خود طعام

کافی اونہونے بھرے تھے دنیا کے خزانے
غیروں کے لئے چھوڑ کر چلے بر تیز گام

اپنی حفاظت کے لئے قلعے بنائے تھے
گئے چھوڑ مکانات ہوئے خاک ہیں ادغام

ان کے مکان ہو گئے سنسان اور بھور
اج زیرِ خاک ہیں جو تھے ساکن با اوجِ بام

حاکم سے کر اصرار جو مرنے کو ہے تیار
کہاں تیرے اسپ و سوار لشکر و خدام

کہاں وہ خزانے کہ جسکی اتنی چاہ بیباں
جو مرد بہادر اٹھا نہ سکتے تھے تمام

کہاں تیرے نوکر جو تھے ساماں کے نگہباں
کدھر ہیں خود و نیزے اور کہاں پڑے سہام

کدھر تیرے اسپاں اور کہاں چلے غلمان
کدھر پڑی سنان اور کہاں تیری صمصام

کہاں تیرے خدام کر سکے نہ موت تھام
حالانکہ دیکھتے ہیں تیرا نزد ہے مقام

کہاں تیرے لشکر جو تھے عدو پہ غضنفر
کہاں تیرے خزانوں کے جو منتظم حکام

کہاں گئے وہ تیر انداز کر سکے نہ موت باز
جب آگیا صیاد تجھ پہ اجل کا ضرغام

ہے ہے منع نہ کر سکے زحمت کو تجھ پہ وہ
اور موت سے بچا نیکو کیا نہ انتظام

رشوت سے بھی نہ ہو سکا تیرے لئے مفاد
جادو بھی کارگر نہ کوئی اور اہتمام

تھے یار و رشتے دار پر کچھ وفا نہ کر سکے
بلکہ دیا ہے موت کو تیری پکڑ لگام

کیا حال تیری قبر کا آتا نہیں کوئی
کوئی بھی تیرے یاروں سے کرتا نہیں سلام

کیا حال تیرے یاروں کا بالکل وہ بھول گئے
باہم وہ تیرے مال کو کرتے ہیں اقتسام

حالت تیرے مکاں کی اندھیرا نہ کوئی ساتھ
دونوں طرف سے بھیڑ اور خوف ہے مدام

بالکل تو کر یقین کہ عمر نہیں ہمیشہ
آتی ہے موت فوت اور آتے ہیں اسقام

کیوں کر امید رکھتا ہے زندہ رہوں سدا!
حالانکہ موت سے نہ اسکی روح کو انفصام

حالانکہ اس کا جسم ہلاکت کا ہے نشان
ہوتا ہے اس کا تخت منتقل بہ دیگر نام

ہدایت

وہ کون سے ہیں جوڑ اور کون سے اخوان

جن پر نہ آچکا ہو فراق کا طوفان

بچنے کے لئے موت سے ہرگز نہ کوئی سبیل | بلکہ نہ ذرہ مجھ سے کبھی دور عزرائیلؑ
یہ ہے مجھے یقین موت کا ہیں ہمنشین | پس موت ہے قریب ہو قریب تر عجیل
احوال زمن کے ہیں صبح شام بدلتے | حالات سے جانیں بھی رنگ کرتی ہیں تبدیل
ہے موت کی منزل جو غیر اس کے نہ مرحل | ہر ایک مرد کے لئے اجل کی ہے تاجیل
عزت کے دن گزارے جو قابل ہیں یاد کے | اصل سے جو اصیل وہ ہوتا نہیں ذلیل
تو دیکھتا ہے مجھ پہ بہت دنیا کے امراض | انسان زندگی تمام رہتا ہے علیل
اپنے حبیبؐ کی طرف دمبدم ہیں ہوں مشتاق | حبیبؐ کی منزل کی طرف جاؤں بہ تعجیل
دنیا جو ہے میرے لئے مقام ہجر ہے | مجھ کو فراق لا کے میرا اجل بسا جمیل
کسی نے دی مثال کہ جس روز سے فراق | اس روز سے مہجور کا دل ہو گیا رحیل
اک وقت ہے ضرور محبت پہ ہو فراق | جس پر ہجر نہ آیا وہ دنیا میں ہے قلیل
احمدؐ کے بعد فاطمہؑ کا مجھ کو جو ہجر | اس بات کی دلیل کہ سرا نہیں خلیل
مجھے نہ عیش و امن ہے اس کے ہجر کے بعد | دل کی تسکین کے لئے ہرگز نہ کوئی وسیل
ہے عنقریب میری موت کو بھول جائیں | ظاہر کرینگے میرے مقابل پہ کوئی عدیل
طالب نہ وہ ہمارا جو ہم سے ملول ہو | طالب جو نیں ہمارا وہ ہرگز نہیں اصیل
لیکن میرا طالب جو ہے اسکو سرا وصال | حافظ جو میرے راز کا میری رہے تحویل
جسدم میں اس جہان سے ہو جاؤں گا رواں | رونا جو رونے والوں کا بہت ہے قلیل
طالب کی آرزو میرا حبیبؐ نہ مرے | مگر ہجر حبیبؐ کا طالب لئے وہ دلیل
دولت کے ضائع ہونے سے ہرگز نہ بن حزین | ہے ہونا گم حبیبؐ کا یہ سخت غم ثقیل
ہجر کے اضطراب سے چلا گیا ہے خواب | آتش فراق سے ہوا ہے دل میرا قتیل

ہدایت

جب کوچ جوانی کیا گو یا کبھی نہ تھی

پیری کی بوم آئی تو گویا ہمیشہ تھی

آتا ہے جب مہمان تو کہتا ہوں سخن خوب
کہتا ہوں رب حفیظا جب رخصت کرے مطلوب

بدل گیا شباب تو گویا کبھی نہ تھا
آئی ہے پیری گویا سدا اس کا تھا غلوب

ہو گئی ہے نمودار پیری مثل صبح کے
گیا شباب جیسا کہ بدر ہوا غروب

پیری و جوانی میں خدا نیک دے اجر
خلاق ہے عادل بھی اور ساتر العیوب

ہدایت
ہر وہ جو سوچتا ہے قبل وقت خلل کے
جب وقت مصیبت ہوا رہتا ہے سنبھل کے

صاحب عقل بلاء سے قبل رکھتا ہے خیال
رد بلاء کے لئے بناتا ہے دل کو ڈھال

آیا ہے اگر واقعہ کوئی اس پہ ناگہاں
ڈرتا نہیں وہ کیوں کہ اس کے دل میں ہے مثال

تکلیف اگر آئی ہے وقت اخیر پر
اسکو وہ سمجھتا ہے جو ماضی کا امن حال

جاہل امن ایام میں یہ سوچتا نہیں
اقوام گزشتہ پہ کس طرح آئے زوال

گردش زماں کی آئی اگر اس پہ ناگہاں
منظر بلاء کو دیکھ کے کرتا ہے خوف و نال

اپنے دماغ میں وہ سوچتا اگر قبل
ہر وقت بلاء اسکو ہوتا صبر و استقلال

ہدایت
انسان اپنے عقل کا غلاف و صدف ہے
جس چیز میں جوہر نہیں وہ غیر شرف ہے

سمجھ جو کل امراض پہ بخل سے کیا نہیں
بخل سے بدترین جو وعدہ وفا نہیں

اس عہد سے کیا خیر جس کا جھوٹ ہے انجام
کس کام وہ کلام کہ جس میں ادا نہیں

اگر تجھے ہے علم مگر تجھکو نیں عقل
تو مثل ہے پاپوش کے جسکا جو پا نہیں

اگر تجھے ہے عقل مگر علم نیں تجھے
تو ایسا ہے جیسا کہ جوت پاؤں کا نہیں

انسان اپنے عقل کا غلاف ہے بے شک
جس میں نہ تیغ وہ غلاف با کفا نہیں

ہدایت
محنت کا جو انجام ہے انسان کی عزت

غفلت کا نتیجہ جو ہے انجام میں ذلت

ہوتا اگر یہ علم صرف امید سے حصول — ہوتا نہ کبھی دنیا میں ہرگز کوئی جہول
ہمت تو کر سستی نہ کر غافل نہ بن کبھی — ورنہ ہے قیامت میں ندامت تجھے وصول

ہدایت

اول سے تا آخر یہ دستور بے خطا
کہ مال جلد فانی اور علم کو بقا

جو دے دیا خدا نے ہمیں ہم ہیں شکر گزار — ہم کو دیا ہے علم اور مال بہ کفار
بے شک جو ہے دولت وہ عنقریب ہے فنا — پر علم بے زوال ہمیشہ وہ پائدار
ہدایت بالحق طریقت سے سوا کر تو اقتراب — اور زینت و شہوت سے سوا کر تو اجتناب
بہتر وہ بادشاہ جو شاہ دل کے حال سے — ہرگز نہ وہ غنی جو بن گیا ہے مال سے
جو جامع الاخلاق وہ کامل شریف ہے — نہ کثرتِ رعیت سے نہ کثرت عیال سے
کامل عقل وہ ہے جو ہے عامل کمال سے — نہ وہ کہ جو ماہر ہے منطق مقال سے

ہدایت

قدم جو پھسلتا ہے وہ نہیں برا انجام سے
پر لغزش قدم سے وہ گرتا ہے بام سے

ہرگز نہ کر تو غیر وقت کثرتِ کلام — یہ زینت العقل کہ تو خاموش ہو مدام
ہوتا ہلاک مرد ہے لغزش زبان سے — مرتا نہیں جوان گر خطا کیا ہے گام
ہرگز نہ کر تو اپنا راز فاش کسی پر — ورنہ مثال جوت ہوگا تو زیر اقدام

ہدایت

انسان وہ کامل جو دیکھے اپنے عیب کو
وہ ہے خدا سے دور جو بندوں کا عیب جو

دنیا کے بعض لوگوں کے عادات ناپسند — چوری نظر ہیں دیکھنے کرتے نہ چشم بند
دیکھا نہ کوئی ایسا جو دیکھے اپنے عیب کو — حالانکہ وہ ہے جانتا اس کا اجر بلند
ایسا ہے کون لوگوں کی غیبت سے بچ رہے — عیب چین و بدظنین کو ہوگا بہت گزند

جب تو ہے مالدار زمانہ ہے تیرا یار — نظروں میں اقتدار جو ہر ایک دولمند
اچھا نہ کوئی جوان ہے مگر جو بے نیاز — جو خدمت مہمان و سخاوت کرے ہر چند
روزی کا نہیں اندیشہ اگر ہو گیا درویش — رہتا ہے خوش ہمیشہ ہر بخیل نہ خورسند

ہدایت

جبتک نہیں مانگا گیا کسی سے وہ بخیل
جب مانگ کر دیکھا تو وہ ظاہر ہوا بخیل

لذات سے ہو دور تو کر حلم سے زینت — تجھے دعائے خیر زندہ باد سلامت
نظر نہ کر کسی پہ مگر خلق و ادب سے — کرتے ہیں یار و خوار اگر تجھ سے خیانت
اگر تو کسی روز ہوا تنگ کر صبر — تکلیف جلد دور پس ہوگی تجھے راحت
دل کا غنی نہ تنگ ہوا مال گر قلیل — بخیل ہے علیل گر کافی بھی ہو دولت
یاری نہ اسکی خیر جو نہ مستقل مزاج — ہے خیال مثل باد بے ثبوت ارادت
وہ ہے سخی جب تک نہ کیا تو اسے سوال — وہ ہے بخیل جب تجھے اس سے پڑی حاجت
تیرے اگر ہیں یار جو تعداد بے شمار — اکثر وہ ہیں غدار جبکہ تجھ پہ ہو آفت

ہدایت

ہرگز نہ بے امید ہو رحمت سے خدا کی
سن کر قبول کرتا ہے جس نے جو ندا کی

ہوا ہے اگر تو کسی روز ہے علیل (کیا) — کر تیار یا تو عیش و امن مدت طویل
